تاثیرِ سلیمانی

سید رضی حسین رضی جونپوری

جادو اور سحر کی باطل کرنے والی یہ کتاب
اپنے گراں قدر عمل و عملیات کے تحت
جادو اور سفلی اثرات کو
پوری طرح زائل کرنے کی اہلیت کی حامل
ہے جو آناً فاناً انسانی مزاج پر حاوی ہو کر
نقصان پہنچانے سے گریز نہیں کرتے
نیز ایسے نسخے بھی کتاب کی زینت بنائے گئے
ہیں جن سے آپ خاطر خواہ روحانی نفع حاصل کر سکتے

امین برادرس کراچی

بعنایات ایزد المنان خالق و مالک مکین و مکان

الحمد للہ کہ نسخۂ لاجواب عملیات و طلسمات عجائب و غرائب الموسوم بہ

تاثیر سلیمانی

بمعہ

طلسم سلیمانی

حسب فرمائش [illegible]

بہ نظر ثانی و اضافہ جدید

مولفہ

سید رضی حسین خلف سید مصطفیٰ حسین

امین برادرس

[illegible] ۲/۴ روپیہ

وجہ تالیف کتاب

۱۹۴۷ء کے خونی انقلاب نے جہاں نسلِ انسانی کو تباہ و برباد کیا۔ مکانات خاکستر کئے اشیائے نادرہ کی لوٹ مار مچائی وہاں انمول قلمی و نادر و نایاب کتابوں کو بھی نہیں بخشا جو زیادہ تر نذر آتش کر دی گئیں۔ انہیں کتابوں میں عملیات کی وہ نادر و نایاب کتابیں بھی ہیں جن کا دستیاب ہونا اب قریب قریب ناممکن ہے انہیں کتابوں میں زیر نظر کتاب بھی ہے جسکا نسخہ مجھ کو بذریعہ رضی صاحب جونپوری اسقدر شکستہ حالت میں ملا ہے جسکی حفاظت اب تقریباً ناممکن ہو گئی ہے۔ سرِ ورق غائب ہونے کی وجہ سے میں اصل مصنف کا نام نہیں تحقیق کر سکتا جسکا مجھے ازحد افسوس ہے اور اس امر میں میں معذرت خواہ بھی ہوں بہرحال نسخہ مذکور کی حالت اس بات کی شہادت دیتی ہے کہ یہ نسخہ کسی صورت سے بھی سو سال سے کم کا طبع شدہ نہیں معلوم ہوتا۔ مختصر یہ کہ رضی صاحب نے نظر ثانی کرنے کے بعد بہت سے ایسے اسماء و نقوش کو جنکا جلانا کسی صورت سے بھی جائز نہیں نظر انداز کر کے اور دوسرے نقوش و عمل جو آزمودہ اور سریع التاثیر ہیں اضافہ کر کے اس کتاب کی اہمیت میں جو پہلے ہی سے بلند تھی مزید چار چاند لگا دیئے ہیں۔

وہاج الدین قریشی
اکبر آبادی

باب ۱

دربیان اقسام تعویذات وبعض نقوش وتذکرۂ ابجد

ہر علم ایک اصول کے تحت حاصل کیا جاتا ہے مثلاً کوئی بچہ اس وقت تک پڑھ نہیں سکتا جب تک کہ وہ الف۔ ب۔ ج۔ د۔ ر ۲۶ حروف سے واقف نہ ہو۔ یا کوئی شخص اسوقت تک حساب دانی کا دعویٰ نہیں کر سکتا جب تک کہ وہ گنتی اور پہاڑوں سے نیز ان کے اشکال سے آگاہ نہ ہو بالکل یہی حالت عملیات کی بھی ہے۔ عامل جب تک عمل کے ابتدائی اصول سے واقف نہ ہوگا وہ اس منزل میں کہیں کامیاب نہیں ہو سکتا چنانچہ سب سے پہلے انہیں اصول اور ضابطۂ کار کا تذکرہ کیا جاتا ہے جن پر عامل عمل کرتے ہوئے منزل کامرانی پر پہونچ سکتا ہے۔

اقسام تعویذات

شائقین عملیات سے یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ تعویذات کی قسمیں چار ہیں۔ آبی بادی۔ خاکی۔ آتشی جن کی مختصر تشریح حسب ذیل ہے۔

آبی۔ برائے عداوت ومقہوری اعدا وخلاصی قید وغیرہ کے لکھ کر دریا۔ حوض جھیل۔ تالاب اور کنوئیں وغیرہ میں ڈالا جاتا ہے۔ بادی۔ برائے تپ لرزہ اسیں مفرور وغیرہ ایسے تعویذات لکھکر کسی درخت یا بلند جگہ پر لٹکائے جاتے

ہیں تاکہ ہمہ وقت ہوا سے ہلتا رہے۔ خاکی ہر اُتحبت دگردنامہ مسافر وغیرہ یہ تعویذ مکان کی چوکھٹ کے نیچے۔ چورہے۔ گورستان یا پہاڑ وغیرہ میں دفن کیا جاتا ہے۔ آتشی۔ اس تعویذ کو بعض عاملین جلانے کی رائے دیتے ہیں لیکن حقیر مولف اس کے خلاف ہے البتہ ایسے تعویذات کو حرارتِ آفتاب میں لکھنے کی رائے ضرور دیگا تاکہ بروقت تحریرِ تعویذ۔ تعویذ پر گرمی پہنچتی رہے کہ یہ فعل باعثِ گناہ بھی نہ ہوگا اور انشاءاللہ مطلب براری بھی ہوگی البتہ کچھ طلسمات اور تعویذات ایسے بھی ہیں جو جلائے جاتے ہیں چنانچہ جب ایسا موقع آئے گا تو مولف صاف الفاظ میں اس کا تذکرہ کر دیا کرے گا۔ ایسے تعویذات آسیب زدہ اور عداوت کیلئے لکھے جاتے ہیں۔

تذکرہ بھرنے نقش

نقش مثلث۔ اس نقش کے بھرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس دعا وغیرہ کا نقش بھریں سب سے پہلے اس دعا کے اعداد بحساب ابجد نکال لیں اور ایک جگہ جمع کرکے حاصل جمع میں سے ۱۲ گھٹا دیں جو باقی بچے ان کو ۳ سے تقسیم کریں اگر تقسیم برابر نہ ہوئی یعنی کسر بچتی ہو یعنی اگر ایک کسر بچے تو ساتویں خانے میں ایک عدد زیادہ کرکے لکھیں اور اگر دو باقی بچ رہے ہیں تو چوتھے خانہ سے زیادہ کرکے لکھیں نقش پورا ہوگا اور اگر بعد تقسیم کسر کچھ نہ بچے تو برابر نقش شطرنج کی چال کے مطابق بھرتے چلے جائیں۔ پہلے خانہ سے لے کر نویں خانہ تک کسی اضافہ کی ضرورت نہ ہوگی مثال حسب ذیل ہے۔

مثال

آتشی خانہ نمبر ۱	بادی خانہ نمبر ۱	۰
خاکی خانہ نمبر ۱	۰	۰
۰	آبی خانہ نمبر ۱	۰

مثلاً احمد کے نام کا نقش بھرنا ہے بحساب ابجد اعداد حاصل کئے جملہ ۵۳ عدد ملے ۱۲ حسب قاعدہ کم کیا ۴۱ باقی بچے اس ۴۱ کو تین سے تقسیم کیا۔ خارج قسمت ۱۳ آکر ۲ باقی بچے اب اس عدد سے خانہ پوری اس طرح کی طریقہ ذیل ہے۔

طریقہ

جسمیں بعد تقسیم کسری عدد دو ۲ بچے

۲۱	۱۳	۱۹
۱۵	۱۸	۲۰
۱۷ چوتھا خانہ کسر	۲۲	۱۴

علی ہذالقیاس اسی طریقہ سے نقش مثلث کو پُر کرتا رہے انشاءاللہ کبھی غلط نہ ہوگا۔

نقش مربع :۔ یہ نقش سولہ ۱۶ خانے کا ہوتا ہے اس نقش کے اعداد میں تین خانوں تک میں کسر یا

ہوتی ہیں یعنی بعد تقسیم اعداد متعلقہ اگر کسر ۱ بچتا ہے تو تیرھویں خانہ میں دو ۲ بچنے پر نویں خانے میں اور تین بچنے پر پانچویں خانے میں ایک عدد اضافہ کر کے لکھا جائے گا۔ اگر عامل ذیل کے شعر کو ذہن نشین کرلے گا تو پھر نقش کے پُر کرنے میں کبھی غلطی نہیں کرسکتا۔

ایک ۱ کسر گھر تیرہواں ۱۳ دو ۲ کسر گھر نو ۹
تین ۳ کسر گھر پانچواں ۵ سو نقش پورا ہو

مثال نقش مربع کے پر کرنے کی حسب ذیل ہے۔

پہلی مثال :۔ جسمیں بعد تقسیم کچھ نہ بچے۔

۱	۱۴ پیل ۳ کا	۱۱ پیل ۷ کا	۸ اسپ
۱۲ پیل ۵ کا	۷ فرزین	۲ اسپ	۱۳ پیل ۴ کا
۶ اسپ	۹ پیل ۸ کا	۱۶ پیل ۱ کا	۳ فرزین
۱۵ پیل ۲	۴ اسپ	۵ رخ	۱۰ پیل ۶ کا

دوسری مثال :۔ جسمیں بعد تقسیم ایک عدد بچے۔

۱	۱۵	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۴ (یہ خانہ تیرہ کا ہے)
۶	۹	۱۷	۳
۱۶	۴	۵	۱۰

تیسری مثال جسمیں بعد تقسیم کے دو بچیں۔

١	١٥	١٢	٨
١٣	٧	٢	١٤
٦	١٠ (یہ خانہ نو کا ہے)	١٧	٣
١٦	٤	٥	١١

چوتھی مثال:۔ جسمیں بعد تقسیم تین بچیں۔

١	١٥	١٢	٩
١٣	٨	٢	١٤
٧	١٠	١٧	٣
١٦	٤	٦۔ (یہ خانہ ۵ کا ہے)	١١

نوٹ:۔ نقوش مثلث اور مربع بھرنے کے اور بھی کئی طریقے ہیں جن کو نظر انداز کرتے ہوئے صرف اسی طریقہ پر اکتفا کی گئی ہے۔

تذکرہ بیان ابجد

غیاث اللغات میں تحریر ہے کہ۔ مرامر نام ایک شخص کا تھا کہ اس نے لکھنا ایجاد کیا اور یہ آٹھ کلمے ابجد۔ ہوز وغیرہ نام اس کے آٹھوں بیٹوں کے ہیں اور کئی مستند کتابوں میں تحریر ہے کہ ان آٹھوں کلموں کے معنی یہ ہیں ابجد۔ آغاز کیا۔ ہوز۔ ملا۔ حطی۔ واقف ہو۔ کلمن۔ سخن گو ہوا۔

سعفص - اس نے سیکھا - قرشت - ترکیب کیا - ثخذ - نگاہ رکھا ضظغ - تمام کیا - جداول مندرجہ ذیل کا تعلق علم جفر سے ہے لیکن عاملین کو بر وقت خواندگی عمل و تحریر نقوش اس کی ضرورت پڑتی رہتی ہے اس لئے کہ از روئے علم جفر اس کے سات کلمات ہیں اور ہر کلمے کے چار حرف ہیں اور ہر حرف کا تعلق سبعہ سیارہ سے ہے اور اس میں سات حروف آتشی ۔ سات حروف بادی ۔ سات حروف آبی اور سات حروف خاکی ہیں لہٰذا ان حروف میں سے جو حرف جس شخص کے سر اسم پر پڑے اس کا اور اس کے نام کا تعلق اسی ستارہ سے ہوگا چنانچہ موافق اس کے بخور جلادے بہت جلدی اثر ہوگا۔

سبع سیارہ	ابجد زحل	ہوزح مشتری	طی کل مریخ	من سع شمس	فص قر زہرہ	شت ثخ عطارد	ذ ضظغ قمر
آتشی	ا ۱	ہ ۵	ط ۹	م ۴۰	ف ۸۰	ش ۳۰۰	ذ ۷۰۰
بادی	ب ۲	و ۶	ی ۱۰	ن ۵۰	ص ۹۰	ت ۴۰۰	ض ۸۰۰
آبی	ج ۳	ز ۷	ک ۲۰	س ۶۰	ق ۱۰۰	ث ۵۰۰	ظ ۹۰۰
خاکی	د ۴	ح ۸	ل ۳۰	ع ۷۰	ر ۲۰۰	خ ۶۰۰	غ ۱۰۰۰

باب ۲

دربیان شرائط عمل و لکھنے تعویذات و حروف تہجی وغیرہ

شرائط عمل آگاہ ہونا چاہیئے کہ جس کسی کو عملیات کا شوق ہو اس کو حسب ذیل امور کا پابند ہونا چاہیئے۔

۱:۔ اکلِ حلال یعنی حلال کی روزی پیدا کرے۔ حرام کا شائبہ تک نہ ہو ورنہ اپنے مقصد میں کبھی کامیاب نہ ہوگا۔

۲:۔ صدق مقال یعنی زبان کا سچا ہو اور وعدہ پورا کرنے کا پابند۔ ۳:۔ کم سخن۔ ۴:۔ کم سونے والا۔ ۵:۔ کم خوراک۔ ۶:۔ عمل پر یقین کامل۔ ۷:۔ جامہ پاک رکھنے کا عادی۔ ۸:۔ اگر اپنے ہاتھ سے کھانا پکا کر کھانے کا عادی ہو تو یہ سب سے بہتر بات ہوگی۔ ۹:۔ گوشہ میں عمل کا پڑھنا۔ ۱۰:۔ ترک حیوانات جلالی و جمالی کرنا۔ ۱۱:۔ مباشرت سے پرہیز قطعی۔ (حیوانات جلالی) گوشت ہر قسم کا۔ انڈا۔ مچھلی۔ شہد۔ مشک۔ عنبر چونہ صدف کا۔ (حیوانات جمالی) روغن زرد۔ دودھ۔ دہی۔ سرکہ نمک وغیرہ (مکروہات) پیاز۔ لہسن۔ ہینگ وغیرہ۔

بیان لکھنے تعویذات

جب تعویذ لکھنے کی ضرورت پیش آئے تو حسب ذیل امور کا خیال رکھنا فرض اولین ہے ورنہ بغیر اصول مرتب شدہ نقوش بیکار محض ہوں گے

(۱) باعتبار بدلنے قلم۔ برائے زبان بندی و خواب بندی ساعت عطارد میں برائے تیغ بندی ساعت مریخ میں، واسطے دشمنی و جدائی ساعت زحل میں برائے محبت ساعت قمر یا مشتری برائے وسعت رزق زہرہ و شمس۔

(۲) اوقات تحریر تعویذات:۔ وقت صبح:۔ تعویذات محبت و ترقی رزق وقت نیم چاشت:۔ تعویذات بیماری۔ وقت ظہر:۔ تعویذات عداوت درمیان ظہر اور عصر:۔ تعویذات زبان بندی۔ وقت عشاء تعویذات خواب بندی

(۳) تحریر تعویذات:۔ (۱) جملہ تعویذات کو با طہارت بدن اور با وضو لکھے۔ (۲) تعویذ لکھنے سے پہلے اپنے بدن پر خوشبو لگائے اور تعویذ لکھنے سے پہلے ۷۸۶ کہ عدد بسم اللہ کے ہیں لکھے۔ (۳) سب سے پہلے یَا حَافِظُ۔ یَا حَفِیْظُ۔ یَا رَقِیْبُ۔ یَا وَکِیْلُ ۷۔ ۷ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے کہ رجعت سے محفوظ رہے گا۔ (۴) وقت تحریر نقوش کسی سے کلام نہ کرے۔ (۵) سایہ عورت ناپاک غیر محرم کا نہ پڑے۔ (۶) اگر تعویذ محبت کا لکھے تو عروج ماہ ہو۔ منہ طرف خانہ حبیب کے کرے۔ مطلوب کا خیال دل میں لائے گویا سامنے موجود ہے۔ تعویذ یا عمل محبت حرام کے واسطے ہرگز نہ کرے ورنہ مفاد اس کا ہرگز ظہور میں نہ آئے گا۔ (۷) اگر مرد عورت سے دوستی کرنا چاہے تو نام عورت کا پہلے لکھے اور اگر چاہے کہ عورت مرد سے دوستی کرے تو اس تک

تو نام مرد کا عورت کے نام سے پہلے لکھے (۸) تعویذ واسطے رفع سحر و بیاری کے خوش و خرم لکھے (۹) اور تعویذ واسطے عداوت کے لکھے تو اوّل کاغذ بائیں ران پر رکھے پھر قلم ہاتھ میں لے اور کوئی چیز ترش یا تلخ منہ میں رکھے اور تیل میں تھوڑا سا مرکہ ملا کر اور رینگ جلا دے اور آخر راہ میں رکھے کہ بہت جلد فائدہ ہوگا۔ مگر تعویذ جدائی یا عداوت واسطے عورت منکوحہ کے نہ لکھے کہ گنہگار ہوگا۔ (۱۰) تعویذ زبان بندی۔ تیغ بندی اور خواب بندی کا جب لکھے تو تھوڑا نوم منہ میں رکھے اور زبان کو دانتوں میں دبا دے اور جب تعویذ تمام ہو المنتہ اللہ کہے اور تعویذ زبان بندی کا شنگرف سے پُر کرے اور اگر تعویذ تیغ بندی اور خواب بندی وغیرہ کا لکھے پیپل گرد منہ میں رکھے اور تعویذ سیاہی سے پُر کرے۔

بیان حروف تہجی

عاملان کامگار و مرشدانِ نامدار نے فرمایا ہے کہ عامل پر لازم ہے کہ پہلے حروف تہجی کی زکوٰۃ ادا کرے بعدہٗ جس عمل کو چاہے پڑھے اس طرح سے اس عمل کی تاثیر جلدی ظاہر ہوگی اور عامل رجعت سے محفوظ رہے گا۔ یہ زیادہ تر دیکھا گیا ہے کہ بہت سے لوگ شروع ہی سے نادانی کرتے ہیں کہ حروف تہجی کی زکوٰۃ نہیں دیتے آخر رجعت میں گرفتار ہوتے ہیں یا ایسے لوگ اپنی جان سے گذر جاتے ہیں۔ اور رجعت اسے کہتے ہیں کہ عمل پڑھنے میں بسبب کسی بے احتیاطی کے طبیعت منقلب ہو جائے۔ بعض کہتے ہیں

کہ یہ اٹھائیس حروف تہجی نام باری تعالیٰ کے ہیں کہ فرشتے ان ناموں
سے اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتے ہیں اور بزرگی ان کی ظاہر ہے الفاظ...
قرآن مجید اور سب نام انہیں سے ترتیب پاتے ہیں۔ طریقے ان کی
زکوٰۃ کے بہت ہیں لیکن سب سے زیادہ سہل طریقہ یہ ہے کہ ہر روز
ایک حرف کو ۱۴۴۴ مرتبہ اٹھائیس دن بلا ناغہ با توکل پڑھے اور
جب کوئی مشکل پیش آوے ایکسو اٹھائیس مرتبہ ایک مجلس
میں پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مشکل حل ہوگی اور وہ یہ ہیں۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا اسرافیل بحق یَا ا۔
یَا جبرائیل بحق یَا ب۔ یَا عزرائیل بحق یَا ت۔
یَا میکائیل بحق یَا ث۔ یَا کلکائیل بحق یَا ج
یَا تنکفیل بحق یَا ح۔ یَا مهکائیل یَا خ۔ یَا دردائیل
بحق یَا د۔ یَا اهرائیل بحق یَا ذ۔ یَا اموکیل بحق یَا ر
یَا شرفائیل بحق یَا ز۔ یَا هموکیل بحق یَا س
یَا هموائیل بحق یَا ش۔ یَا اهجبائیل بحق یَا ص
یَا عطکائیل بحق یَا ض۔ یَا اسمائیل بحق یَا ط۔
یَا لرزائیل بحق یَا ظ۔ یَا لومائیل بحق یَا ع۔
یَا لوخائیل بحق یَا غ۔ یَا سرحمائیل بحق یَا ف
یَا عطرائیل بحق یَا ق۔ یَا حروزائیل بحق یَا ک
یَا طاطائیل بحق یَا ل۔ یَا رویائیل بحق یَا م۔ یَا

حرکائیل بحق یان۔ یا رفتمائیل بحق یا و۔ یا رودیائیل بحق یا ہ۔ یاسرکیطائیل بحق یا ی۔

بخورات اور ستارے

مستند کتابوں میں تحریر ہے کہ عامل جب عمل پڑھنے کے لئے آمادہ ہو تو سب سے پہلے اس کو ستاروں کی مزاجی کیفیت اور اسی مناسبت سے ان کے بخورات سے واقف ہونا چاہیئے۔ یہاں پر یہ تحریر کرنا بے جا نہ ہوگا کہ اگر دن رات برابر ہیں تو ہر ستارے کی ساعت اس مناسبت سے ہوگی اور اگر کم و بیش ہوگی تو اس مناسبت میں فرق پیدا ہو جائے گا اس کی پوری تفصیل آگے آئے گی۔ جاننا چاہیئے کہ ہر ایک ستارے کی ساعت ایک گھنٹہ کی ہوتی ہے۔

عامل جس ستارے کی ساعت میں عمل پڑھے یا نقوش بھرے اسی ستارے کے مطابق بخور جلاوے کہ نتیجہ جلد اور بہتر ظاہر ہوگا جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

بخور مشتری :۔ عود۔ مشک۔ کافور۔ جوانہ۔ صندل سرخ اور شکر۔

بخور زحل :۔ عود۔ لوبان۔ رال۔

بخور مریخ :۔ عود۔ لوبان۔

بخور عطارد :۔ عود۔ کافور۔ صندل سرخ۔ قرنفل۔

بخور شمس :۔ عود۔ مشک۔ دارچینی۔

بخور قمر :- عود - کافور - شہد - وغیرہ -
بخور زہرہ :- عود - عنبر - مشک - صندل سفید - کافور - اسپند -

تذکرہ سعد و نحس

قمر :- بہ فارسی ماہ یہ ستارہ سعد ہے - عامل روز دوشنبہ اور آسمان اوّل کا مالک ہے - **عطارد** :- بہ فارسی دبیر - ہندی بدھ یہ ستارہ مشترک ہے - عام حالت میانہ روی کی ہے عامل روز چہارشنبہ اور آسمان دوم پر قیام رکھتا ہے - **زہرہ** :- بہ فارسی ناہید ہندی شکر عامل یوم جمعہ سعد اصغر ہے آسمان سوم پر قیام رکھتا ہے - **شمس** :- بہ فارسی خورشید ہندی سورج عامل یوم یکشنبہ سعد ہے اور آسمانِ چہارم پر قیام رکھتا ہے - **مریخ** :- بہ فارسی بہرام ہندی منگل عامل یوم سہ شنبہ نحسِ اصغر ہے آسمان پنجم پر قیام رکھتا ہے - **مشتری** :- بہ فارسی برجیس ہندی برہسپت - عامل یوم پنجشنبہ آسمان ششم پر قیام رکھتا ہے سعد اکبر ہے - **زحل** بفارسی کیوان - ہندی سنیچر - عامل روز شنبہ آسمانِ ہفتم پر قیام ہے نحسِ اکبر ہے -

ستارے اور انکی ساعت

اب ستاروں اور انکی ساعت کا تذکرہ جو عامل کے لئے ضروری ہے ضبط تحریر لایا جا رہا ہے تاکہ نو آموز حضرات کے لئے کوئی دقت پیش نہ ہو

لہذا ساعت نامہ حسب ذیل ہے ۔ اس سلسلے میں یہ تحریر کیا جا چکا ہے کہ دن اور رات میں کمی وزیادتی ہوتی رہتی ہے لہذا عامل کو سال رواں کی تقویم اپنے پاس ضرور رکھنی چاہیئے تاکہ ضرورت کے وقت اس سے مدد لی جا سکے ۔

نقشہ ساعات

شب و روز	پاس اوّل			پاس دوم		
	ساعت ۱	ساعت ۲	ساعت ۳	ساعت ۴	ساعت ۵	ساعت ۶
شب شنبہ	مریخ	شمس	زُہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زُہرہ	عطارد
شب یکشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز یکشنبہ	شمس	زُہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
شب دوشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زُہرہ	عطارد	قمر
روز دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب سہ شنبہ	زُہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

نقشہ ساعات

حصہ دوم ۲

شب و روز	پاس اول			پاس دوم		
	ساعت ۱	ساعت ۲	ساعت ۳	ساعت ۴	ساعت ۵	ساعت ۶
روز سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب چہارشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
روز چہارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب پنجشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز پنجشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
روز جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

نقشہ ساعات

حصہ سوم

نشان روز	پاس سوم			پاس چہارم		
	ساعت ۷	ساعت ۸	ساعت ۹	ساعت ۱۰	ساعت ۱۱	ساعت ۱۲
شب شنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
روز شنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب یکشنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
روز یکشنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
روز دوشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب سہ شنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز سہ شنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب چہارشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
روز چہارشنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پنجشنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز پنجشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز جمعہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

طریقہ استخراج طالع

وتفصیل بروج

مختصراً تحریر ہے کہ حقیقت برج کی یہ ہے کہ آفتاب کی گردش کی وجہ سے آسمان میں دائرہ پیدا ہوتا ہے چنانچہ اسی دائرہ کو دائرۃ البروج کہتے ہیں۔ آفتاب اس دائرہ کو ایک سال کی مدت میں طے کرتا ہے چنانچہ عاملین نے اس کو بارہ حصوں میں تقسیم کیا ہے اور ہر حصہ کو برج قرار دے کر حسب ذیل نام تجویز فرمائے اور ان کی اشکال کا تعین کیا۔

حمل:۔ ہندی میکھ ماہ بیساکھ کو کہتے ہیں۔ صورت مینڈھے کی اور دو شاخ رکھتا ہے سر اس کا بجانب مغرب اور دُم اس کی مشرق کی طرف ہے پشت بجانب شمال پیر بجانب جنوب منہ پیچھے پھرا ہوا ہے گویا کسی کو دیکھتا ہے۔ خانۂ مریخ مشرقی آتشی مریخ وبال زہرہ شرف آفتاب ۱۹ درجہ پر ہبوط زحل مذکر منقلب۔ موکل سراطائیل۔ حروف ا ع ل ی اور یہ سال کا پہلا برج ہے۔

ثور:۔ یہ سال کا دوسرا برج ہے۔ ہندی برکھ ماہ جلیٹھ کو کہتے ہیں بصورت گاؤ۔ سر اس کا بجانب مشرق اور دم بطرف مغرب خانۂ زہرہ جنوبی خاکی سفید۔ وبال مریخ شرف قمر مونث ثابت موکل عزرائیل۔ حروف ب۔ ز۔

جوزا:۔ یہ سال کا تیسرا برج ہے ہندی متھن ماہ اساڑھ کو کہتے ہیں۔ دو لڑکے باہم ملے ہوئے کی شکل ہے سر بجانب شمال اور مشرق۔ پیر بطرف جنوب اور

مغرب خانہ عطارد غربی بادی زرد۔ وبال مشتری شرف راس۔ ہبوط ذوجسدین۔ موکل اسرافیلؑ حروف۔ ف۔ ق۔ ک۔ سرطان یہ سال کا چوتھا برج ہے ہندی کرک ماہ ساون کو کہتے ہیں۔ بصورت جانور دریائی ہندی کیکڑا اور کن کٹا ہے خانہ قمر شمالی آبی سپید وبال زحل۔ شرف مشتری۔ ہبوط مریخ مونث منقلب موکل نیقائیل حرف ج۔ ر۔ اسد۔ ہندی سنگھ ماہ بھادوں کو کہتے ہیں بشکل جانور صحرائی کہ اس کو شیر کہتے ہیں خانہ شمس شرقی آتشی سرخ وبال زحل۔ موکل حرکائیل۔ حرف م۔ ت۔ یہ سال کا پانچواں برج ہے۔ سنبلہ۔ یہ سال کا چھٹا برج ہے ہندی کنیا ماہ کنوار یا آسن کو کہتے ہیں۔ بصورت لڑکی کے دامن لٹکائے ہوئے ہے۔ سر اس کا جانب مغرب وشمال۔ پیر بہ جانب مشرق اور جنوب بایاں ہاتھ لٹکائے اور دایاں ہاتھ برابر کاندھے کے اٹھائے ہوئے اور اسی ہاتھ میں بالی کسی درخت کی لئے ہوئے خانہ عطارد جنوبی خاکی سبز و زرد بعضے سیاہ کہتے ہیں وبال مشتری شرف عطارد ہبوط زہرہ مونث ذوجسدین۔ موکل سماکائیل۔ حرف ب۔ ف عقرب۔ ہندی برچھک ماہ اگہن کو کہتے ہیں۔ بصورت بچھو کے خانہ مریخ۔ شمالی آبی سرخ وبال زہرہ ہبوط قمر مونث ثابت موکل صمنائیل حرف۔ ل۔ ن۔ ظ۔ ص۔ میزان ہندی تلا ماہ کاتک کو کہتے ہیں۔ صورت ترازو کی ہے۔ خانہ زہرہ۔ غربی بادی

سفید۔ وبال مریخ۔ شرف زحل۔ ہبوط آفتاب مذکر منقلب
موکل فہم الخائیل۔ حرف ر۔ ت۔ ط۔ قوس۔ ہندی دھن
ماہ پوہ کو کہتے ہیں۔ بصورت ایک مرد کے تیر و کمان ہاتھ میں لیے
ہوئے۔ خانہ مشتری۔ شرق۔ آتشی زرد۔ وبال عطارد ہبوط ذنب
و راس۔ مذکر ذوجسدین۔ موکل صلخائیل۔ حرف ف۔ جدی
ہندی مکر ماہ ماگھ کو کہتے ہیں۔ صورت بکرے کی ہے خانہ زحل
جنوبی خاکی سیاہ۔ وبال قمر شرف مریخ۔ ہبوط مشتری مونث
منقلب۔ موکل سماکائیل۔ حرف ح۔ خ۔ دلو۔ ہندی کنبھ
ماہ پھاگن کو کہتے ہیں۔ بصورت مرد۔ ڈھاکہ ہاتھ میں لے کر
ٹیڑھا کر کے پانی زمین پر گراتا ہے۔ خانہ زحل۔ غربی بادی زرد۔
وبال آفتاب مذکر ثابت موکل سخازائیل۔ حروف۔ س
ی۔ ص۔ ث۔ غ۔ حوت۔ یہ سال کا بارھواں اور آخری
برج ہے ماہ چیت کو کہتے ہیں۔ بصورت مچھلیوں کے ہے خانہ مشتری
شمالی آبی۔ مریخ۔ وبال و ہبوط عطارد۔ شرف زہرہ مونث
ذوجسدین۔ موکل فقہائیل۔ حروف د۔ ج۔ ❊

❊ دائرۃ البروج کے اندر مزید تشریح کے ساتھ ان بروج کا تذکرہ ہماری دوسری عملیات کی کتاب الموسوم بہ "اکسیر العملیات" میں موجود ہے اگر ضرورت ہو تو طلب کیجا سکتی ہے جو آپکا اطمینان کر دیگی۔ ناشر

باب ۳

بیان قمر درعقرب و تذکرہ نوروز

بعد تحقیق ذریعہ مستند کتب عملیات یہ مضمون سپرد قلم کیا جاتا ہے کہ جب چاند برج عقرب میں داخل ہوتا ہے تو اس زمانہ کو عاملین کاسگار و مرشدانِ روزگار نے قمر درعقرب کے نام سے موسوم کیا ہے کہا جاتا ہے کہ یہ زمانہ ہر مہینے میں اڑھائی دن رہتا ہے (یعنی ۲½ دن) اس برج کی تفصیل و خاصیت تذکرہ بروج میں تحریر کی جا چکی ہے لہذا مزید تفصیل میں جانے کی ضرورت نہ سمجھتے ہوئے صرف ایک خاکہ پر اکتفا کی جاتی ہے تاکہ شائقین عملیات مخصوص ناواقف طبقہ ہر مہینہ میں قمر درعقرب کی تواریخ سے بلاکم وکاست آگاہ ہو جائے۔

چونکہ بچھو کی خاصیت ڈنک مارنے کی ہوتی ہے اس لئے اس زمانہ میں کسی جدید کام کا انجام بہتر تصور کرنا ایک حماقت ہوگی لہذا یہ اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیئے کہ اس زمانہ میں جب کہ چاند برج عقرب میں داخل ہو کر زمانہ قمر درعقرب کا اظہار کر رہا ہو

کوئی مزید کام نہ کرے ورنہ انجام اچھا نہ ہوگا۔ تفصیل قمر در عقرب حسب ذیل ہے۔

نقشہ قمر در عقرب

نام ماہ	تاریخ بادشاہی برج عقرب
محرم	اس مہینہ میں سترہویں تاریخ کو ہمیشہ رہتا ہے۔
صفر	اس مہینہ میں ۱۵ تاریخ کو رات کو چار گھڑی پر لگتا ہے
ربیع الاول	اس مہینہ کی تیرھویں تاریخ کو دن نکلتے ہمیشہ رہتا ہے
ربیع الثانی	اس مہینہ کی دسویں تاریخ چار گھڑی رات کو لگتا ہے۔
جمادی الاول	اس مہینہ کی نویں تاریخ کو چار گھڑی پر لگتا ہے۔
جمادی الثانی	اس مہینہ کی ساتویں تاریخ کو بارہ کے عمل میں لگتا ہے۔
رجب	اس مہینہ کی پانچویں تاریخ کو سولہ گھڑی رات کو لگتا ہے
شعبان	اس مہینہ میں ستائیسویں تاریخ کو چار گھڑی پر لگتا ہے
رمضان شریف	اس مہینہ کی پچیسویں تاریخ کو چار گھڑی پر لگتا ہے
شوال	اس مہینہ کی تیئسویں تاریخ کو ہمیشہ رہتا ہے۔
ذیقعد	اس مہینہ کی تئیسویں تاریخ کو ہمیشہ رہتا ہے
ذی الحجہ	اس مہینہ کی اکیسویں تاریخ کو سولہ گھڑی پر لگتا ہے۔

بیان نوروز عالم افروز

یہ امر پوشیدہ نہ رہے کہ یوم نوروز شروع سال کے پہلے دن کو کہتے ہیں۔ اس دنیا کے اندر مختلف مذاہب والوں نے اپنے اپنے مذہب کے نقطۂ نظر سے مختلف مہینوں کو سال کا پہلا مہینہ اور اس پہلے مہینے کے پہلے دن کو یوم نوروز قرار دیا ہے۔ مثلاً انگلینڈ والوں (عیسائیوں) کا نوروز یکم جنوری اہل ہنود کا نوروز یکم بیساکھ اور اہل اسلام کے سال کا پہلا مہینہ اور اس کا پہلا دن یکم محرم ہے۔ واقعۂ کربلا (سنہ ۶۰ھ) کے پہلے زمانہ حیات رسولؐ میں اس مہینے میں اہل عرب خوشیاں مناتے تھے۔ جنگ و جدل حرام قرار دیا گیا۔ قیدی رہا کئے جاتے اور افواج اسلامیہ کی بیرونی مقامات سے اگر ان کا کوئی تعلق.. مقامات مفتوحہ میں امور انتظامیہ سے نہ ہوتا تو مرکز پر واپس بلا لی جاتیں۔ اسی طرح اہل یونان کا نوروز اس روز ہوگا جب آفتاب عالمتاب تمام کرۂ فلک کا دورہ پورا کر کے خط استواء کے عین مشرق میں نقطۂ اعتدال یعنی فلک ثوابت کی پہلی شکل برج حمل میں از سر نو داخل ہوتا ہے۔ یہی وقت آغاز سال نو کا ہے۔ اس وقت تمام عالم میں دن و رات برابر ہو جاتے ہیں۔ قطعی کوئی فرق نہیں ہوتا۔ فصل ربیع کی ابتداء ہوتی ہے شگوفے پھوٹتے ہیں اور لوگوں کی مرجھائی ہوئی طبیعتیں

اعتدال پر آنی شروع ہو جاتی ہیں۔

عاملین کامگار و مرشدانِ عالی وقار کے نزدیک یہ دن بہت ہی مبارک دن ہوتا ہے اور اسی دن میں ایک وقت وہ آتا ہے جب کہ ایک ستارے کی حکومت پورے سال حکمرانی کر کے ختم ہوتی ہے اور دوسرے جدید ستارے کی حکومت کا آغاز ہوتا ہے تبدیلِ حکومت کے وقت یا بہ الفاظ دیگر ایک ستارے کا دوسرے ستارے کو چارج حکمرانی حوالہ کرنے کا وقت بہت بڑی اہمیت کا حامل ہوتا ہے اس وقت کی جس نے قدر نہ کی اس سے بڑھ کر بد قسمت کوئی نہیں ہوتا۔ یہی وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہوتا ہے۔ بندگانِ کرم کے عبادت گذار بندے ایسے گرانقدر وقت کو بیکار جانے نہیں دیتے بلکہ عمل و عملیات، عبادت و بندگی اور وظیفہ و ظائف میں ختم کرتے ہیں۔

منجمین وغیرہم نے جو طریقہ حساب بابتہ دریافتگی وقت تبدیل حکومت ستارگان بروز نوروز عالم افروز قرار دیا ہے وہ اگرچہ اپنی جگہ پر بہتر ہے مگر اس حقیر کا دل اپنی جگہ پر مطمئن نہیں ہوتا اس لئے کہ اگر دیگر مصنفین کی ایک ہی سنہ کی مختلف جنتریاں بچشم غور اگر دیکھی جائیں تو اس تبدیلی حکومت کے وقت میں اگر زیادہ نہیں تو کچھ نہ کچھ اختلاف ضروری نظر آئیگا اب چاہے وہ پل پل کا ہو یا سیکنڈ وغیرہ کا بہر حال ایک دو

کے حساب میں فرق ضرور ہوگا۔

اس جگہ پر میں ایک قاعدہ شائقین کی آگاہی اور ان کی معلومات میں مزید اضافہ کیلئے تحریر کر رہا ہوں جو کہ بارہا کا آزمودہ ہے۔ یہ طریقہ قدرتی ہے اور اس میں رتی برابر فرق کا احتمال باقی نہیں رہتا اس لئے کہ منشاء قدرت کے مطابق ہے۔

طریقہ دریافتگی وقت

سالِ نو کی تقویم سے تاریخ نوروز دریافت کرنے کے

بعد دریافت کنندہ کو چاہئیے کہ بعد غسل اور تبدیل لباس نفیس اپنے کو بہترین خوشبو سے معطر کرے اور باوضو ایک .. گوشۂ تنہائی میں ہموار زمین کو جس پر نجاست کا شبہہ تک نہ ہو پاک پانی سے لیپے بعدہٗ مصلے بچھا کر دو رکعت نماز تشکر بارگاہ رب العزت میں بجالاوے اس کے بعد ایک چوڑے منہ کے عمیق (گہرے) برتن میں پاک صاف پانی بالکل لبالب بھر دے اس کے بعد ایک تانبے کا چھوٹا سا ہلکا پیالہ لے کر جو پاک صاف ہو اس کو اس بھرے ہوئے پانی کے برتن میں ڈال کر عرق گلاب سے اس پیالے کو بھر دے پھر اس پیالے کے اندر ایک تازہ گلاب کا پھول ڈال دے اور پھر درود شریف کا ورد جاری رکھتے ہوئے بہ توجہ خاص اس پھول کو دیکھتا رہے۔ جس وقت آفتاب برج حمل میں داخل ہوگا کٹورے

کے اندر رکھول اور پانی کے اندر رکھا ہوا کٹورہ آہستہ آہستہ گردش کرنے لگے گا۔ یہی وقت دعا کے مستجاب ہونے کا ہے چاہے راستہ تخریب کا اختیار کرے یا تعمیر کا یہ اس کے عقلِ سلیم پر منحصر ہے البتہ یہ بھولنا چاہیئے کہ یہ وقت بڑا قیمتی ہوتا ہے ؀

تذکرہ اجازت

زیادہ تر دیکھنے میں آیا ہے کہ عامل کے بابت اپنی طرف سے اجازت کرنے یاد کرنے کی ناواقف کار ان کو دیتا ہے ایسی صورت میں اس حد تک ضرور موافق ہوں کہ کسی نو آموز کو اپنے دریافت کئے ہوئے کسی جدید طریقے کے بابت جسمیں شمہ برابر بھی کسی دوسرے کا دخل نہ ہو حق ہے کہ وہ اس طریقے کی اجازت دے یا نہ دے اس کے علاوہ اور طریقے جو بزرگان بتا چکے ہیں یا آیات کلام ربانی پر کسی فردِ واحد یا گروہ کا قبضہ نہیں ہے کہ وہ اجازت دینے یا نہ دینے کے ٹھیکہ دار بن گئے ہیں اس لئے حصول اجازت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیوں کہ دربار خداوندی سے بذریعہ بزرگانِ دین پہلے ہی سے اجازت مل چکی ہے البتہ جائز اور ناجائز نیز اصولی قیود کا ضرور خیال رکھنا چاہیئے۔

نوٹ:۔ علاوہ ازیں اگر آپ مزید معلومات و دوسرے طریقے سے بھی آگاہ ہونا چاہتے ہیں تو ہماری دوسری کتاب اکسیر العملیات طلب فرمائیے

باب ۴

در بیان عملیات و تعویذات

بابت حُب

قبل اس کے کہ عملیات یا تعویذات حُب کے بابت تحریر کئے جائیں یہ بہتر خیال کیا گیا کہ شائقین کو آگاہ کردیا جائے کہ اس منزل میں پہنچ کر وہ ناجائز مطلب براری یا فعل حرام کے ارادے کو قطعی فراموش کردیں گے اور اگر انھوں نے اس پر توجہ نہ دی تو پھر یہ تمام تر ذمہ داری ان کی اپنی ہوگی مرتب بری الذمہ ہے اس لئے کہ جو ہدایت مرتب پر فرض تھی وہ اس کو پورا کرچکا ہے۔

نمبر ۱۔ اگر کوئی شخص کسی کو اپنا گرویدہ بنانا چاہتا ہے تو سب سے پہلے اس کو اپنے افعال قبیح سے توبہ کرکے عبادت گزار ہونا چاہیئے (چونکہ یہ چیز ہر عمل اور نقوش میں ہوگی اور ہر جگہ مکرر سکرر تحریر کرنا باعث طوالت ہے لہذا اسی جگہ پر اکتفا کی گئی ہے شائقین خود توجہ سے اس فقرے کو ذہن نشین

لیں۔ چاہیئے کہ تاریخ اور وقت و دن کا لحاظ جیسا کہ تحریر کیا جا چکا ہے رکھتے ہوئے چند پھول تازہ خوشبودار کسی چیز کے حاصل کرکے اس پر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر ہزار بار وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ۔ یَا رَفِیْقُ یَا شَفِیْقُ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ ۵ پڑھے اور آخر میں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ان پھولوں پر دم کرے اس کے بعد کسی ذریعہ سے محبوب کو اس پھول کو سنگھا دیوے محبوب دیوانہ وار حاضر ہوگا۔

نمبر ۲:۔ اگر منظور ہو کہ خود سر محبوب الفت کا دم بھرنے لگے تو چاہیئے کہ عروج ماہ میں جمعہ کے دن ایک گلاب کا پھول حاصل کرے اور بعد ادا دو رکعت نماز حاجت اول و آخر سو سو بار درود شریف اور درمیان میں ۳۱۲۵ بار یَا وَدُوْدُ پڑھ کر اس پھول پر دم کرے اور محبوب کو سنگھا دیوے۔ خود سر محبوب قابو میں آجائے گا۔

نمبر ۳:۔ آیہ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۳۸۰ مرتبہ بعد نماز عشاء جمعرات کے روز سے شروع کرکے پانچ جمعرات تک باخلوص نیت برابر مطلوب کا دھیان دل میں رکھتے ہوئے پڑھتا رہے اس دعا کے پہلے اور بعد میں پانچ۔ پانچ بار درود شریف پڑھے محبوب کے دل میں آتش الفت تیز ہوگی۔

نمبر ۴ :- مطلوب اور اس کے باپ داس کی ماں کے نام کے اعداد بہ حساب ابجد نکال کر ایک جگہ جمع کرلے پھر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنے کے بعد دعائے مندرجہ ذیل کو اسی اعداد حاصل شدہ کے برابر ۷ یوم یا ۲۱ یوم تک پڑھے مراد ۷ یوم ورنہ ۲۱ یوم کے اندر انشاء اللہ حاصل ہو جائے گی اور وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ط

نمبر ۵ :- شنبہ کو شب میں مٹھائی لاوے اور ایسے وقت میں کہ سب گھر والے سو گئے زیر آسمان برہنہ سر دو رکعت نماز برائے حاجت جائز بجالاوے اور بعد ختم نماز اسی مٹھائی کو اس انتظام کے ساتھ کہ بہ حالت خواب گرنے نہ پائے دائیں ہاتھ کی مٹھی میں لے کر باوضو اسی جانماز پر سو رہے دوسرے روز بروز یکشنبہ جب خواب سے بیدار ہو ۵-۵ بار اول و آخر درود شریف درمیان میں ۱۴ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ اسی تعداد میں سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ۔ انشاء اللہ مثل سگ دنیا کے مطلوب پیچھے پیچھے پھرے گا۔

نمبر ۶ :- چاہیئے کہ تھوڑا سا سرمہ حاصل کرے اور اس پر ۵-۵ بار درود شریف پڑھنے کے بعد ۲ بار الحمد پڑھنے کے بعد.. آنکھوں میں لگاوے۔ دوران خواندگی اپنا اور اپنے باپ کا نام اور

اپنی ماں کا نام اور مطلوب کا نام اور اس کے ماں باپ کا نام لیتا جاوے اس کے بعد اسی سرمہ کو اپنی آنکھوں میں لگا کر مطلوب کی طرف دیکھے مطلوب مطیع ہوگا۔

نمبر ۸۵۔ برائے تسخیر

محبوب یہ جلیل القدر نقش.. بہت کارآمد ہے باضابطہ مرتب کرنے کے بعد سیاہ کپڑے میں سل کر گلے میں ڈالے۔ محبوب مسخر ہوگا۔

۷۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

۷۸۶

نمبر ۸۶۔ عشق ومحبت

۱۱	۶	۱۳
۱۲	۱۰	۸
۷	۱۴	۹

کے استحکام کے سلسلے میں یہ نقش بہت کارآمد ہے خصوصاً اس شخص کیلئے بہت زیادہ نافع ہے جس کے پیدائش یا مشہور نام کی راس میں ستارۂ زہرہ ناقص پڑتا ہو اس کو چاہیئے کہ یاقوت سفید کی انگوٹھی اور اس نقش کی رہنمائی حاصل کرے لیکن اتنا یاد رہے کہ بُری نیت یا نفسانی خواہش کی تکمیل کیلئے اسے کسی شادی شدہ یا باکرہ لڑکی پر نہیں آزمانا چاہیئے اور اگر اس نے باوجود ہدایت کے ایسا کیا تو پھر وہ ایسے نقصانِ عظیم میں مبتلا ہوگا کہ جس کا ازالہ غیر ممکن ہوگا۔

۷۸۶

نمبر ۹:۔ یہ نقش سورۂ اخلاص کا ہے جمیع مطالب کے لئے اکسیر ہے حُبّ کا طریقہ اس کا یہ ہے کہ اصولی طور سے لکھ کر انار کے درخت میں لٹکا دے تاکہ تعویذ ہوا سے حرکت

قل	هو	الله	احد
الله	الصمد	لم	يلد
ولم	يولد	ولم	يكن
له	كفوا	احد	

میں آتا رہے۔ جب تعویذ ہوا سے ہلے گا مطلوب فرطِ محبت سے بیقرار ہوگا۔

نمبر ۱۰:۔ اگر زن و شوہر میں کسی ایک کی یا دونوں کی وجہ سے باہمی ناچاقی رہتی ہو اور کوششیں اتفاق و میل کرانے ختم ہو چکی ہوں اور نوبت جدائی کی قریب آ چکی ہو تو اس وقت دونوں کو یہ تعویذ لکھ کر پلانے سے ان کے درمیان پھر محبت اور الفت پیدا ہو جائے گی۔ آزمودہ ہے۔

۷۸۶

۴۱۶۵۵	۴۱۶۴۸	۴۱۶۵۳
۴۱۶۵۰	۴۱۶۵۲	۴۱۶۵۴
۴۱۶۵۱	۴۱۶۵۶	۴۱۶۴۹

نمبر ۱۱:۔ یہ نقش یَا رَحِیْمُ کا ہے جو کوئی پابندی

۷۸۶

۸۹	۸۲	۸۷
۸۴	۸۶	۸۸
۸۵	۹۰	۸۳

کی تختی پر کندہ کرا کر پہنے تسخیر خلائق کیلئے بہت خوب ہے لیکن وہی جائز اور ناجائز کا سوال یہاں بھی پیدا ہوتا ہے اگر فعل ناجائز کیلئے مدد لی تو نقصان عظیم اٹھائے گا۔

نمبر ۱۲؎۔ جب کسی کا خاوند رنڈی کے پاس جاتا ہو۔ اور اپنی منکوحہ سے ملتفت نہ ہوتا ہو تو یہ نقش اس کے بازو پر باندھے نقش یہ ہے۔

قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی اِبْرَاهِیْم

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

سے الٰہی بحق اسماء متبرکہ خود و چہاردہ معصوم علیہم السلام ز اھو اللہ فلاں بے اذن زوجہ خود جائے نزد

نوٹ: اصول و بخورات کا خاص خیال رکھئے۔

بابت بغض۔

نمبر ۱ :۔ اگر منظور ہے کہ درمیان دو شخصوں کے باہمی عداوت پیدا ہو جائے تو اس کو چاہیے کہ سب سے پہلے بکری (مذبوح) کے شانے کی ہڈی حاصل کرے اور اس پر اس آیت کو لکھ کر قبر کہنہ میں دفن کرے۔ دشمنی پیدا ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ درمیان فلاں بن فلاں (ماں کا نام) و فلاں بن فلاں (ماں کا نام) عداوت پیدا شود۔

نمبر ۲ :۔ کوری ٹھیکری پر سورۃ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ لکھے اور دو ٹکڑے کر کے ایک دشمن کے گھر میں اور ایک قبر میں دفن کر دے دشمن برباد ہو جائے گا۔

نمبر ۳ :۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ درمیان دو شخصوں کے جدائی پیدا ہو جائے تو چالیس روز تک ایک سنگریزہ سفید پر ایکبار اِنَّا اَعْطَيْنَا پڑھ کر دم کرے اور وہ سنگریزہ مذکور اس کے گھر میں ڈال دے جدائی ہو جائے گی۔

نمبر ۴ :۔ واسطے عداوت کے یہ ختم مجرب ہے۔ سورۂ یٰسین کو اول اس طور پر کہ اول اکتالیس بار سورۂ فاتحہ پڑھے پھر یٰسین شروع کرے جب لفظ مبین اول پر پہنچے کہے تجو سورۂ یٰسین اور اس آیت کو پڑھے فقطع دابر القوم

الـذین ظلموا والحمد للہ رب العلمین اور ہتھیلی زمین پر مارے اور نام اس کا لیوے اور تین بار آمین کہے اور ابتدائے سورہ سے شروع کرے اور مبین پر جب پہنچے موافق پہلی دفعہ کے کرے یہاں تک کہ سورہ مذکورہ تمام کرے اور اوّل و آخر اس عمل کے درود پڑھے اللّٰھم صلّ علیٰ محمد سید القاھرین علیٰ رب العلمین۔

نمبر ۵ :- ایک مٹھی بھر خاک لے کر دوپہر کو دھوپ میں کھڑے ہو کر پڑھے۔ الم ترکیف ۲۱ بار اور یا قاہر موافق عدد اسم عدو کے پڑھے اور خاک کو دشمن کے گھر میں ڈالے اور وقت پڑھنے کے نہایت قہرناک رہے۔

نمبر ۶ :- دوپہر کو نیچے آفتاب کے سر برہنہ کھڑے ہو کر تھوڑی خاک ہاتھ میں لے اور سات بار تبت یدا پڑھے اور سورۂ ناس سات بار اور سورۂ لایلاف سات بار اور یہ اسم ۱۸ بار پڑھے یا قاھر العدو یا والی یا بدوح یا قاھر العدو۔

نمبر ۷ :- سفال آب نارسیدہ پر نقش مندرجہ صفحہ نمبر ۳۵ کتاب ہذا اپنے مقصد جائز کو جب کہ وہ اپنے دشمن سے انتہائی تنگ آگیا ہو اور کوئی دوسری صورت اس سے نجات حاصل کرنے کی باقی نہ رہ گئی ہو پیش نظر رکھتے ہوئے

لکھکر دریا میں ڈالے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۲۱	۲۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۷	۲۲
۱۳	۲۶	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۴	۲۵

نمبر ۸:- یہ نقش بھی اسی مطلب کا ہے چاہیئے اس نقش کو نیب کی پتی پر لکھے اور پھر منہ میں رکھکر خوب چباڈالے پھر اسی لعاب دہن کو جاکر ازدرفت دشمن پر ڈالے۔ کامیاب ہوگا۔

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

نمبر ۹:- جب منظور ہو کہ دو شخصوں میں جدائی اور دشمنی کی زبردست خلیج حائل ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ نقش مندرجہ صفحہ نمبر ۳۶ کو سنیچر یا منگل کے دن جب کہ چاند کی آخری تاریخیں ہوں نزول ماہ ساعت زحل میں کہ یہ ستارہ نحس ترین اور ایسے ہی کاموں کے لئے بہترین اثرات کا مالک ہے لکھکر قبر کہنہ میں دفن کرے (نقش صفحہ ۳۶ پر ہے)

نقش متعلق صفحہ نمبر ۳۵

یاقاهر	ذاالبطش	الشدید	انت الذی
ذاالبطس	الشدید	انت الذی	لایطاق
الشدید	انت الذی	لایطاق	انتقامه
انت الذی	لایطاق	انتقامه	یاقاهر

نمبر ۱۰۸ـ اس طلسم کو لکھے اور دشمن کے گھر میں دفن کرے دشمن تباہ ہوگا ۱۱ ۱۷۴۲۱۱۳ ۱۱ ۱۱ ۱۱
علی لنفض فلاں بن فلاں

نمبر ۱۱۸ـ درمیان دو قبروں کے بیٹھ کر یہ آیت پڑھے اور اس نقش کو سامنے رکھے تو جدائی ہو جائے گی۔ نقش مندرجہ یہ ہے۔

والقینا	بینهم	العداوة	والبغضاء
بینهم	العداوة	والبغضاء	الی
العداوة	والبغضاء	الی	یوم
والبغضاء	الی	یوم	القیمة

واضح ہو کہ بغض کے بیان سلسلہ نمبر ۱ میں یہی آیت دوسرے طریقے سے بالکل سادہ طور میں تحریر کی گئی ہے اس مقام پر طریقہ دوسرا ہے اور دونوں طریقے مجرب ہیں۔

زبان بندی

نمبر ۱ - حضرت امیر المومنین مولا مشکلکشا جناب علی مرتضی علیہ السلام کا بقول راوی ارشاد ہے کہ واسطے زبان بندی دشمنوں اور بدگوں کے اس دعا کو تین مرتبہ پڑھے پھر جس کام کو کرے حسب دلخواہ انجام پائے اور جب اس دعا کو پڑھے تو کہے الٰہی بحرمت اس عزیمت کے میرے تئیں غم سے دور کر اور فہم کو آسان فرما اور میری مراد برلا اور جب پڑھے تو باوضو ہو اور اعتقاد کامل کے ساتھ پڑھے۔ شک نہ لائے اور وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ یَا مُفَتِّحَ اَبْوَابِ الْخَیْرَاتِ یَا حَمِیْدِیْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِیْ بِحَقِّ حُرْمَةِ مُحَمَّدٍ عَرَبِیٍّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَا ذِی الْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ تَعَالٰی لِمَا یُرِیْدُ یَا طَیْهُوْجُ یَا نَاصِرُ فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكَافِرِیْنَ یَا اللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهٗ یَا مُصْطَفٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بستم برکاتہ سلیمان بستم تیغ و تبر و نیزہ الواری و دشمنان و بداندیشان و بدخواہان و بفرمان خدائے عزّ و جل بستہ و ذلکم خیر لکم بحرمت شمعون یا سیدنا یا سیدنا یا سیدنا .. مقصد بستم و مہر کردم زبانِ عالم حاجتے خدائے عزّ و جل بستہ باد سفرت اللسان حسودانِ سیاہ و سفید و دندان و بستم حرب دشمنان سر و رہوائے و پائے در زمین بستم و زبان و نعل و عقل

ہوش ہمہ بد اندیشان و بد خواہان و عاقلان کہ نا فہمند بستم یا خدایا البستہ باد خداوند البستہ باد و لبستہ گردان کام گردن ایشان را در عقل و ہوش این دشمنان بحرمت حضرت امام حسنؑ شہید از زہر جرد غا و حضرت امام حسینؑ شہید دشت کربلا و بحرمت حضرت فاطمہ زہراؓ خیر النساء و بحرمت حضرت علی مرتضیٰؓ ابن عم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بستم خون بر زمین و خون ستارہ بر آسمان و بستم خونِ مرغ گردہان را و بستم بحق لا الٰہ الا اللہ و مہر سلیمان بن داؤد علیہما السلام بستم بستم بستم سُبحانَکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّوَارِثَہٗ وَرَازِقَہٗ بستم بحق حرمت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ بدین نام یا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَہٗ بستم بدین نام یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا مَنْ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَآئِہٖ یَا اِلٰہَ الْعٰلَمِیْنَ یَا خَیْرَ النّٰصِرِیْنَ وَصَلَّی اللہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

نمبر ۲:۔ زبان بندی کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے اس آیہ کریمہ کو لکھکر اپنے بازو پر باندھے اپنے جس دشمن کے پاس جائے گا دشمنی میں اس کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ اس سے محبت پیش آوے گا۔ فَسَیَکْفِیْکَہُمُ اللہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۳۶ص ۳ و ۲ ۳ ع ۳ ب ۲ ج ۳ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ

العرش العظیم ۝ صم بکم لا ینطقون ۝

۷۸۶

نمبر ۳۳ :۔ یہ نقش مبارک سورۂ شعرا کا ہے یوں تو ہر مشکل امر میں کام آتا ہے مگر زبان بندی دشمنان و حاسدان کے لئے خاص کام کرتا ہے بوقت ضرورت لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور دو ہفتہ تک سورۂ مذکور کی تلاوت کرتا رہے۔

۱۹۳۴	۱۹۳۷	۱۹۴۰	۱۹۲۷
۱۹۳۹	۱۹۲۸	۱۹۳۳	۱۹۳۸
۱۹۲۹	۱۹۴۲	۱۹۳۵	۱۹۳۲
۱۹۳۶	۱۹۳۱	۱۹۳۰	۱۹۴۱

نمبر ۳۴ :۔ یہ نقش متبرک سورۂ روم کا ہے بڑی بڑی عملیات کی مستند کتابوں میں اس کے بہت زیادہ اوصاف تحریر ہیں مختصر سے صفحہ پر اس امر کی گنجائش نہیں کہ اوصاف ضبط تحریر میں لائے جاسکیں مختصر یہ کہ زبان بندی کیلئے لکھ کر شیشے میں رکھے اور منہ اس کا کس کر بند کر دے اور سات بار سورہ مذکور کی تلاوت کرے وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۷۴۸۹۴	۴۷۴۸۹۷	۴۷۴۹۰۰	۴۷۴۸۸۶
۴۷۴۸۹۹	۴۷۴۸۸۷	۴۷۴۸۹۳	۴۷۴۸۹۸
۴۷۴۸۸۸	۴۷۴۹۰۲	۴۷۴۸۹۵	۴۷۴۸۹۲
۴۷۴۸۹۶	۴۷۴۸۹۱	۴۷۴۸۸۹	۴۷۴۹۰۱

نمبر ۵ ؎ ۔ یہ نقش مبارک سورۂ نوح کا ہے دشمن کے شر
سے نجات حاصل کرنے کیلئے لکھکر بازو پر باندھے اور ہزار بار صبح
اس سورہ کو پڑھنے سے دشمن کی زبان بند ہو جاتی ہے ۔

۷۸۶

۱۶۶۵۸	۱۶۶۶۱	۱۶۶۶۴	۱۶۶۵۱
۱۶۶۶۳	۱۶۶۵۲	۱۶۶۵۷	۱۶۶۶۲
۱۶۶۵۳	۱۶۶۶۶	۱۶۶۵۹	۱۶۶۵۶
۱۶۶۶۰	۱۶۶۵۵	۱۶۶۵۴	۱۶۶۶۵

نمبر ۶ ؎ ۔ یہ نقش مبارک سورۂ تحریم کا ہے جو کوئی لکھکر
اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا دشمن دشمنی نہ کر سکے گا اور جو کوئی
روزانہ بلاناغہ اس سورۂ مبارکہ کی ایکسو بیس (۱۲۰) بار تلاوت کیا
کرے گا شر دشمنان سے محفوظ رہے گا ۔

۷۸۶

۲۴۵۲۲	۲۴۵۲۶	۲۴۵۲۹	۲۴۵۱۵
۲۴۵۲۸	۲۴۵۱۶	۲۴۵۲۱	۲۴۵۲۷
۲۴۵۱۷	۲۴۵۳۱	۲۴۵۲۴	۲۴۵۲۰
۲۴۵۲۵	۲۴۵۱۹	۲۴۵۱۸	۲۴۵۳۰

نمبر ۱:- یہ نقش مثمن سورۂ منافقون کا ہے جو کوئی لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور ۱۰۸ مرتبہ بلاناغہ اس مبارک سورہ کی تلاوت کیا کرے گا حق تعالیٰ اس کو دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے گا اور وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۳۱۳	۱۳۳۱۷	۱۳۳۲۰	۱۳۳۰۶
۱۳۳۱۹	۱۳۳۰۷	۱۳۳۱۲	۱۳۳۱۸
۱۳۳۰۸	۱۳۳۲۲	۱۳۳۱۵	۱۳۳۱۱
۱۳۳۱۶	۱۳۳۱۰	۱۳۳۰۹	۱۳۳۲۱

۷۸۶

خواب بندی

۱۶	۱۱	۱۸
۱۷	۱۵	۱۳
۱۲	۱۹	۱۴

برائے خواب بندی نقش ہذا کو لکھ کر مکان تاریک میں دفن کر دے کامیابی ہو گی۔

نمبر ۲:- اس طلسم کو خواب بندی کیلئے کاغذ پر لکھے اور نام دشمن کا لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبا دے۔

بابت قضائے حاجات

جب کسی کو کوئی مشکل پیش آوے وضو کرکے دوگانہ ادا کرے پھر لاتعداد سبحان اللہ کہے اور درود بجناب رسالتمآب پر بھیجے اس کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ وَلَا حَاجَةً مِّنْ حَوَآئِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

نمبر ۲۔ کسی کو جب کوئی مشکل پیش آوے تو چاہیئے کہ وہ اس طریقے پر صلوٰۃ التفرع پڑھے کہ پاک زمین پر کھڑے ہو کر چار رکعت کی نیت کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ اکتالیس بار پڑھ کر پھر اور کوئی سورہ ضم کرکے رکوع کرے اور بعد سلام کے سجدے میں جا کر اکتالیس بار یَا کَرِیْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ کہے اور پھر اپنا بایاں رخسار زمین پر رکھے اور اکتالیس بار وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ کہے اس کے بعد دایاں رخسار زمین پر رکھے اور اکتالیس بار کہے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ پھر حاجت خدا سے مانگے اور نہایت عاجزی کرے مجرب ہے

نمبر ۴۳ :۔ جب کسی کی کوئی حاجت مشکل بظاہر ناقابل حل نظر آ رہی ہو تو اس کو چاہیئے کہ غسل کرکے پاک کپڑا پہنے پھر مصلے بچھا کر کھڑے ہو کر چار رکعت نماز کی نیت کرے پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سو بار وَ اُفَوِّضُ اَمۡرِیۡۤ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سو بار اَلَاۤ اِلَی اللّٰہِ تَصِیۡرُ الۡاُمُوۡرُ اور تیسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سو بار نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتۡحٌ قَرِیۡبٌ اور چوتھی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سو بار اِنَّا فَتَحۡنَا لَکَ فَتۡحًا مُّبِیۡنًا اور بعد سلام کے غُفۡرَانَکَ رَبَّنَا وَ اِلَیۡکَ الۡمَصِیۡرُ پھر سجدہ کرے اور سو بار استغفار کہے۔

نمبر ۴۴ :۔ بڑی بڑی اور مستند کتابوں میں لکھا ہے کہ جب کوئی حاجت مشکل درپیش ہو تو بارہ روز تک بعد کرنے غسل بستر طاہر پر بیٹھ کر بہ رجوع قلب بارہ سو مرتبہ ۱۲۰۰ یَا بَدِیۡعَ الۡعَجَائِبِ بِالۡخَیۡرِ یَا بَدِیۡعُ کی تلاوت کرے انشاءاللہ حاجت جائز پوری ہوگی۔ لیکن یہ یاد رہے کہ دوران وظیفہ گوشت وغیرہ و اغذیہ لذیذہ نیز لہسن و پیاز تک سے پرہیز کرے یعنی بارہ دن تک عامل پر فرض ہے کہ وہ ترک حیوانات جلالی اور جمالی دونوں کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

نمبر ۵:- جناب رسولِ مقبول صلی اللہ و علیہ و آلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو مسلمان جس مطلب کے لئے اس آیت کے ذریعہ سے دعا کرے گا حق تعالیٰ اسے قبول فرمائے گا اس لئے کہ یہ دعا نہایت مجرب اور کمال سریع التاثیر ہے۔ جناب حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس دعا کے وسیلہ سے بارگاہِ ایزدی میں اپنا سوال بیان کرے یقیناً اس شخص کی دعا مستجاب ہوگی اور وہ دعاء جلیل یہ ہے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

طریقہ اس دعا کے پڑھنے کا اس طرح سے ہے کہ عشاء کے وقت ستر بار پڑھے اور بعد ہر ظالمین کے اپنا مطلب بیان کرے انشاء اللہ بعد چودہ روز کے مطلب برآمد ہوگا۔

نمبر ۶:- یَا مُجِیْبُ یہ اسم پاک اسماء باری تعالیٰ کے ان ۹۹ ناموں میں سے ایک گرانقدر اسم ہے یعنی اس کے ہیں "دعا قبول کرنے والا" پس طریقہ اس کی خواندگی کا یہ ہے کہ عروج ماہ بروز جمعرات بعد غروب آفتاب ساعت مشتری میں غسل کر کے لباس پاک پاکیزہ پہنے اور بعد بارہ بجے شب جب اور تمامی وظیفہ وظائف سے فارغ ہو جائے تو زیرِ آسمان برہنہ سر پہلے دو رکعت نماز حاجت پڑھے

بعد ختم نماز چودہ بار پہلے درود شریف پڑھے پھر اس اسم مبارک کا اس قدر ورد کرے کہ نماز صبح سے ملا دے پھر چودہ بار درود شریف پڑھے اور اپنی حاجت بارگاہ ایزدی میں بیان کرکے اس کے پورا ہونے کی دعا مانگے اس کے بعد نماز صبح ادا کرے پانچ جمعراتوں کو اسی طرح پر عمل کرے دوران ورد بخور سلگتا رہے انشاءاللہ اگر مقصد جائز ہے تو ضرور کامیاب ہوگا دوران عمل معمولی غذا پر اکتفا کرے۔

نمبر ۷:- یہ نقش سورۂ یٰسین شریف کا ہے اس کو جو کوئی گلاب اور زعفران سے لکھکر اپنے پاس رکھے گا اس کے لئے اولاً کوئی مشکل پیدا نہ ہوگی اور اگر ہوئی بھی تو جلد رفع ہوجائے گی۔ تعویذ کو روزانہ بخور سے معطر کردیا کرے

۷۸۶

۵۵۳۴۵	۵۵۳۵۹	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۲
۵۵۳۵۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۸
۵۵۳۵۰	۵۵۳۵۳	۵۵۳۶۱	۵۵۳۴۷
۵۵۳۶۰	۵۵۳۴۸	۵۵۳۴۹	۵۵۳۵۴

نمبر ۸:- یہ نقش پاک سورۂ عنکبوت کا ہے جملہ کار ہائے مشکلہ اس کی مدد سے آسان ہوکر بہ حسن خوبی انجام پاتے

ہیں۔ طریقہ تحریر کے اس کے بہ لحاظ اوقات مختلف بہت ہیں
اوقات متعلقہ میں جیساکہ اوراق گذشتہ میں تحریر کیا جا چکا ہے
حسب مزاج بخورات وغیرہ سلگانے کے بعد لکھکر اپنے پاس
رکھے انشاءاللہ ہر مشکل آسان ہوتی رہے گی

۷۸۶

۸۵۹۹۰	۸۵۹۹۳	۸۵۹۹۶	۸۵۹۸۲
۸۵۹۹۵	۸۵۹۸۳	۸۵۹۸۹	۸۵۹۹۴
۸۵۹۸۴	۸۵۹۹۸	۸۵۹۹۱	۸۵۹۸۸
۸۵۹۹۲	۸۵۹۸۷	۸۵۹۸۵	۸۵۹۹۷

نمبر ۹:- یہ نقش مبارک سورۂ فتح کا ہے برائے جمیع
کارہائے جائز اکسیر ہے۔ چاہیئے کہ ساعت سعید میں اصول
اور ضابطے کے تحت لکھکر اپنے پاس رکھے پھر کسی بات میں پریشان
نہ ہوگا

۷۸۶

۴۷۲۰۶	۴۷۲۱۰	۴۷۲۱۳	۴۷۱۹۹
۴۷۲۱۲	۴۷۲۰۰	۴۷۲۰۵	۴۷۲۱۱
۴۷۲۰۱	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۸	۴۷۲۰۴
۴۷۲۰۹	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۲	۴۷۲۱۴

نمبر ۱۰:- یہ نقش سورۂ مبارک نجم کا ہے اسناد اس نقش کے بہت ہیں۔ مختصر یہ کہ جو کوئی اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اسے کبھی کوئی مشکل پیش نہ آئے گی۔

۷۸۶

۲۳۵۳۸	۲۳۵۵۲	۲۳۵۴۸	۲۳۵۴۵
۲۳۵۴۹	۲۳۵۴۴	۲۳۵۳۹	۲۳۵۵۱
۲۳۵۴۳	۲۳۵۴۶	۲۳۵۵۴	۲۳۵۴۰
۲۳۵۵۳	۲۳۵۴۱	۲۳۵۴۲	۲۳۵۴۷

نمبر ۱۱:- واسطے برآمد جملہ حاجات و مطالب جائز کے شب جمعہ کو اس نقش کو لکھ کر روبرو رکھے اور چار رکعت بہ نیت نماز کن فیکون پڑھے پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سو بار أَلَا إِلَى اللَّهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ۔ دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ سو بار تیسری رکعت میں نَصْرٌ مِّنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ سو بار۔ چوتھی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا سو بار پڑھے اور بعد سلام کے غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ سو بار پڑھے اس کے بعد سجدے میں جاکر دو سو بار دعا کے

منقوش پڑھے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۴۱ استغفر	۶۶ الله	۴۱۵ واتوب	۴۶ الیه
۴۱۲	۴۷	۱۷۴۰	۶۷۰
۴۸	۴۱۷	۶۴	۱۷۳۹
۶۵	۱۷۳۸	۴۹	۴۱۶

نمبر ۱۲:۔ واسطے برآمدگی حاجات نقش مندرجہ ذیل کو لکھ کر سامنے رکھے اور دعائے مندرجہ نقش کو ہر روز بعد نماز عشاء بہ رجوع قلب ہزار بار پڑھے اور اس یقین کے ساتھ پڑھے کہ مستجابی دعائیں کوہ گراں بھی رکاوٹ نہیں ڈال سکتا۔

۷۸۶

۷۰۵ ربنا اتنا	۸۰۲ من لدنک رحمة	۱۹۲ وهیئ لنا من	۶۹۷ امرنا رشدا
۱۹۴	۱۹۶	۷۰۶	۷۴۱
۲۹۵	۱۹۱	۸۴۴	۷۸۷
۸۴۳	۷۰۸	۱۹۷	۱۹۲

وسعتِ رزق

جو کوئی وسعت رزق اور طلب جاہ و عزت کیلئے اس آیت کو ہزار بار توجہ دل سے پڑھے رزق اس کا غیب سے وسیع ہوگا۔ وہ آیۂ کریمہ یہ ہے قولہ تعالیٰ۔ اَللّٰهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ط

نمبر ۲:۔ جب زمانہ ناموافقت کرے اور رزق میں تنگی ہو رزاق برحق کی طرف رجوع کرے تو رزق وسیع ہو جائیگا اور نفلوں کی کثرت کرے تو ضرور روزی حلال سے پائیگا۔ حدیث میں وارد ہے کہ جو کوئی محتاج ہو تو اس دعا کو پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

نمبر ۳:۔ برائے وسعتِ رزق و ترقیٔ درجات جو کوئی بلاناغہ ایکہزار بار روزانہ اس آیۂ مبارکہ کو بہ صدق دل پڑھا کریگا خلاقِ عالم اس کے اور اس کے متعلقین کے رزق میں غیب سے ترقی عطا کرے گا اور وہ دعائے جلیلہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ط

نمبر ۴:۔ اگر کسی کی روزی تنگ ہوگئی ہو تو اس کو چاہیئے کہ رات کے بارہ بجے اٹھ کر غسل کرے اور تین ہزار بار بصدق دل سورہ جمعہ کی تلاوت کرے اور یہ عمل مہینے میں

تین بار کرے انشاء اللہ رزق کی فراوانی ہوگی۔

نمبر ۵:- اگر منظور ہے کہ رزق میں فراوانی ہو تو اس کو چاہیئے کہ بعد نماز جمعہ کے دو رکعت نماز حاجت بجالاوے اور ہر رکعت میں سورۂ اخلاص تین بار اور یَا رَحْمٰنُ ہزار بار۔ یَا رَزَّاقُ ہزار بار اور یَا وَهَّابُ ہزار بار اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۂ اخلاص تین بار اور یَا رَحِیْمُ ہزار بار اور بعد سلام کے تین سو بار درود شریف پڑھے۔ خداوند کریم غیب سے روزی کشادہ کرے گا۔

نمبر ۶:- یہ نقش مبارکہ سورۂ طور کا ہے خواص اس سورۂ مبارکہ کے بہت ہیں منجملہ ان کے اصولی طور پر یہ نقش تیار کرے بطور تعویذ اپنے پاس رکھے اور شب آدینہ کو

۷۸۶

۳۱۰۵	۳۱۱۸	۳۱۱۵	۳۱۱۲
۳۱۱۶	۳۱۱۱	۳۱۰۶	۳۱۱۷
۳۱۱۰	۳۱۱۳	۳۱۲۰	۳۱۰۷
۳۱۱۹	۳۱۰۸	۳۱۰۹	۳۱۱۴

بتیس مرتبہ اس سورہ کی تلاوت کرے خلاق عالم روزی میں غیب سے کشادگی عطا فرمائے گا۔

نمبر ۷:- یہ نقش مبارکہ بے پناہ اوصاف کا مالک ہے منجملہ ان کے فراخئ رزق اور ادائے قرض کے وصف سے بھی مملو ہے۔ اگر کوئی کشادگیٔ رزق کا متمنی اور بار قرض سے

سبکدوش ہونے کا آرزومند ہے تو اس کو چاہیے کہ اس نقش

سورہ فیل کو بخورات کی خوشبو
میں اصولی طور پر لکھے اور بروقت
تحریر نقش مقصد جلد کو پیش
نظر رکھے بعد تیاری نقش اپنے
بازو پر باندھے اور ایک ماہ تک
سوا سو نقش روزانہ لکھکر آٹے
میں گولی بنا کر دریا میں ڈالا کرے۔ مجرب ہے

۱۴۶۴	۱۴۶۷	۱۴۷۰	۱۴۵۷
۱۴۶۹	۱۴۵۸	۱۴۶۳	۱۴۶۸
۱۴۵۹	۱۴۷۳	۱۴۶۵	۱۴۶۲
۱۴۶۶	۱۴۶۱	۱۴۶۰	۱۴۷۱

نمبر ۸۔ یہ نقش
چہل و یک اسم کا ہے رزق
کی کشادگی کے لئے پرتاثیر ہے
ضرورت مندان کو چاہیے
کہ ہر روز اکتالیس ۴۱ نقش لکھکر
آٹے میں گولی بنا کر دریا میں
ڈالے انشاء اللہ رزق میں کشادگی ہوگی۔

۷۸۶

۵۵۹۱	۵۵۹۴	۵۵۹۷	۵۵۸۴
۵۵۹۶	۵۵۸۵	۵۵۹۰	۵۵۹۵
۵۵۸۹	۵۵۹۹	۵۵۹۲	۵۵۸۹
۵۵۹۳	۵۵۸۸	۵۵۸۷	۵۵۹۸

نمبر ۹۔ یہ نقش متبرک سورہ کوثر کا ہے۔ ضخیم اور عملیات
کی مستند کتابوں میں جو کچھ خواص اس نقش کے تحریر کئے گئے
ہیں وہ بھی نہیں کے برابر ہیں پھر بھی اگر انہیں کا تذکرہ اس
مقام پر کیا جائے تو اس کے لئے اس کتاب کے کئی صفحے درکار

ہوں گے۔ مختصر یہ کہ جو کوئی بخورات کی خوشبو میں ستارۂ متعلقہ کا لحاظ رکھتے ہوئے اس نقش کو مرتب کرکے اپنے پاس رکھے۔

۷۸۶

۲۰۱۸	۲۰۲۱	۲۰۲۴	۲۰۱۱
۲۰۲۳	۲۰۱۲	۲۰۱۷	۲۰۲۲
۲۰۱۳	۲۰۲۶	۲۰۱۹	۲۰۱۶
۲۰۲۰	۲۰۱۵	۲۰۱۴	۲۰۲۵

اس کے رزق میں غیب سے کشادگی ہوگی۔

نمبر ۱۰۔ نقش مندرجہ ہذا وسعت رزق کے لئے بہت زود اثر اور پرتاثیر ہے۔ حاجت مند کو چاہیئے کہ لکھ کر یقین محکم رکھتے ہوئے اندرون خانہ دیوار پر چسپاں کرے اور پھر قدرت خدا مشاہدہ کرے۔

۷۸۶

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

نمبر ۱۱۔ برائے وسعت رزق یہ نقش بہت مجرب ہے جو کوئی اعتقاد کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا کامیاب ہوگا۔

۷۸۶

۷۶	۸۰	۸۳	۹۹
۸۲	۷۰	۷۵	۸۱
۷۱	۸۵	۷۸	۷۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

نمبر ۱۲۔ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا رزق غیب سے پاوے گا اور جو کوئی اس نقش کو لکھنے اور تعویذ بنا کر بازو پر باندھنے کے بعد بعد نماز صبح روزانہ اس سورۂ مبارکہ کی سات بار تلاوت بہ صدق دل کریگا بہت جلد بلائے فاقہ کشی سے نجات پاوے گا۔ اور یہ نقش سورہ والقلم کا ہے۔

۷۸۶

۲۵۷۳۳	۲۵۷۴۷	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۱
۲۵۷۴۵	۲۵۷۴۰	۲۵۷۳۴	۲۵۷۴۶
۲۵۷۳۹	۲۵۷۴۲	۲۵۷۴۹	۲۵۷۳۵
۲۵۷۴۸	۲۵۷۳۶	۲۵۷۳۸	۲۵۷۴۳

نمبر ۱۳:۔ برائے فراخی رزق اس نقش کو صبح و شام لکھا کرے اور دعا جو نقش میں لکھی ہے ۵۵ بار پڑھا کرے انشاء اللہ رزق میں فراوانی ہوگی اس دعا کے پڑھنے سے پہلے ۵ بار اول اور ۵ بار آخر درود شریف کا پڑھنا لازمی ہوگا بہتر ہوگا کہ بعد نماز عشاء بہ اطمینانِ تمام وظیفہ خوانی کرے۔

۷۸۶

اکرمنی وہب لی	من لدنک رحمۃ واسعۃ	ونعمۃ کثیرۃ برحمتک	یا ارحم الراحمین
۳۳۳۵	۶۰۱	۴۷۳	۱۳۸۰
۶۰۲	۲۳۸۸	۱۳۷۷	۱۳۷۲
۱۳۶۸	۱۳۷۱	۶۰۳	۱۳۶۵

شفائے امراض

جب کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہو جائے تو تیمار دار پر لازم ہے

کہ آیاتِ شفا اور سورہ فاتحہ چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر پلاوے انشاءاللہ مریض کو شفا ہوگی اور وہ آیاتِ شفا یہ ہیں وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ۔

نمبر ۲:- اگر مریض کے واسطے سورہ مبارک یٰسین شریف کے اس حصہ یعنی وضرب لنا مثلاً و نسی خلقہ سے آخر سورہ و الیہ ترجعون تک پانی پر دم کر کے پلاوے تو مرض کیسا ہی کیوں نہ ہو اگر زندگی مریض کی باقی ہے تو انشاءاللہ اس کو شفا ہوگی۔

نمبر ۳:- یہ نقش سورہ فاتحہ کا ہے چاہیے کہ با اعتقاد صادق لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اور ایک نقش صبح و شام چینی کی رکابی پر لکھ کر پلاو

۷۸۶

۲۵۳۶	۲۵۳۹	۲۵۴۲	۲۵۲۹
۲۵۴۱	۲۵۳۰	۲۵۳۵	۲۵۴۰
۲۵۳۱	۲۵۴۴	۲۵۳۴	۲۵۳۷
۲۵۳۸	۲۵۳۳	۲۵۳۲	۲۵۴۳

نمبر ۴:- یہ نقش سورہ دخان کا ہے برائے دفع عارضہ پیچش اکسیر ہے۔ اعتقاد کامل رکھتے ہوئے اصول اور ضابطۂ کار کے تحت جیسا کہ تحریر کیا جا چکا ہے لکھ کر پلائیں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

۷۸۶

۲۴۴۴۰	۲۴۴۵۳	۲۴۴۵۰	۲۴۴۴۷
۲۴۴۵۱	۲۴۴۴۶	۲۴۴۴۱	۲۴۴۵۲
۲۴۴۴۵	۲۴۴۴۸	۲۴۴۵۵	۲۴۴۴۲
۲۴۴۵۴	۲۴۴۴۳	۲۴۴۴۴	۲۴۴۴۹

نمبر ۵:- یہ نقش چار ب کا ہے برائے درد سر سفید ہے چاہیئے کہ بروز منگل اس نقش کو لکھ کر سر پر باندھے۔

۷۸۶

ب	ب
ب	ب

نمبر ۶:- اس نقش سلام کو لکھنے کے بعد عطر سے معطر کر کے بچہ کو پہنا۔

۷۸۶

سلام	قولا	من رب	رحیم
رحیم	من رب	قولا	سلام
قولا	سلام	رحیم	من رب
من رب	رحیم	سلام	قولا

گریۂ اطفال

جو لڑکا بہت روتا ہو ان آیات کو پڑھ کر اس پر دم کرے گریہ کم ہو جائیگا اور وہ آیات یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط بحق وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِیْمٍ و بحق وَلَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ہ وَاِنِّیْ سَمَّیْتُهَا مَرْیَمَ وَاِنِّیْٓ اُعِیْذُهَا بِكَ وَذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

نمبر ۲:۔ جو کوئی اس آیۂ مبارکہ کو ہرن کی جھلی پر لکھکر لڑکے کے گلے میں ڈال دیگا وہ رونے سے باز رہے گا۔ آیہ مبارکہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط خَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ہ

نمبر ۳:۔ جو لڑکا بہت روتا ہو اور چڑچڑا و غصہ ور ہو گیا ہو تو چاہئیے کہ سورۂ فاتحہ و سورۂ تمجید اور معوذتین لکھکر گلے میں ڈالے اور یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَاحْصِہٖ یَا حَیُّ الْقَیُّوْمُ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ اَبَدًا اَقْرَفَعُ عَنْهُ السُّوْءَ بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ ط۔

نمبر ۴:۔ سخت سے سخت رونے والا بچہ ہو سورۂ احقاف کی ان مبارک آیتوں کو ایک پاک کاغذ پر پاک و تازہ سیاہی

اور نئے قلم سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال انشاءاللہ تعالیٰ عادت جاتی رہے گی۔ وہ آیہ یہ ہیں وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

امراض اطفال

مرض سوکھا۔ اگر کسی بچے کو سوکھے کا روگ لگ جائے اور وہ روز بروز دبلا ہوتا چلا جائے تو ایسے بچے کے لئے سرسوں سیاہ کا آدھ سیر خالص تیل حاصل کرے اور اس تیل پر اس آیت مبارکہ کو معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور درود شریف اکیس بار پڑھ دم کرے ہنگام ورد اپنے مقصد کا دھیان رکھے اور اعتقاد صادق کے ساتھ پڑھے پھر اس تیل کو بلاناغہ ۲۱ روز تک بچہ کے جسم پر مالش کرے روزانہ دن میں پانچ بار اس کے پہنے ہوئے کپڑے کو تبدیل کیا کرے قدرے کافور اور لونگ ایک ہی کپڑے میں باندھ کر بصورت پوٹلی بچے کے گلے میں ڈال دے اور اس کے جسم پر کے اترے کپڑوں کو گرم پانی میں ابال کر صاف کرلے تاکہ جراثیم مرجائیں اور وہ کپڑے پھر استعمال میں لانے کے قابل ہوجائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اکیس روز میں بچہ

توانا و تندرست ہو جائے گا اور وہ آیت کریمہ یہ ہے۔ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ یَعْیَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنْ یُّحْیِۦَ الْمَوْتٰی ؕ بَلٰۤی اِنَّهٗ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط درد کان:۔ کسی بچے کے کان میں درد ہو اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہوا ہو تو چاہیے کہ کوئی شخص وضو ہو کر اکیس بار معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور درود شریف پڑھ کر آیت مذکورہ ذیل کو پاک پانی پر دم کرے اور پانچ قطرے اس دم شدہ پانی کے اس کان کے اندر جسمیں درد ہو رہا ہے ٹپکا دے انشاء اللہ تعالےٰ درد فوراً جاتا رہے گا۔ یہ علاج ہر عمر کے آدمی پر ہو سکتا ہے اور وہ مبارک آیت یہ ہے۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرَاۨ ﮶ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِیْرًا ۝ پیاس یا لو کا لگنا:۔ کسی بڑے یا بچے کی پیاس شدت اختیار کر جائے یا لو لگ جائے اِن آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر گھول کر دن میں تین مرتبہ پلانا مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِیْهَا وَلَا تَعْرٰی ۝ وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِیْهَا وَلَا تَضْحٰی ۝ اعتقاد راسخ ہو انشاء اللہ شفا ہو گی۔

ام الصبیان :- ام الصبیان کا نام ایک دیونی کا ہے اور وہ زیادہ تر زچہ خانہ میں بچوں پر مرض کی صورت میں حملہ آور ہوتی ہے اس سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس دن بچہ پیدا ہو اس آیت کو مشک سے لکھکر تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ بچہ بہ برکت اس آیت کے ام الصبیان سے محفوظ رہے گا۔ اور وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ط وخاب کل جبار عنید ۵ من ورائہ جہنم ویسقی من ماء صدید ۵ یتجرعہ ولا یکاد یسیغہ ویاتیہ الموت من کل مکان وما ہو بمیت ط ومن ورائہ عذاب غلیظ ۵

نقش نمبر ۱ :- واسطے گریۂ اطفال کے یہ نقش حسب ہدایت اوراق ماسبق خلوص نیت سے لکھکر ایسے بچے کے سرہانے رکھے جو بہت زیادہ روتا ہو انشاء اللہ تعالیٰ ایسا

۷۸۶

ع	ع	لا	ص
و	۱۷	ع	۱۳
ع	۷	۲۱	۱۳
۱۵	۲۴	۲	۱

کرنے سے بچے کا رونا اور سوتے ہوئے میں چونک اٹھنا یہ سب شکائتیں جاتی رہیں گی۔ طہارت کا خاص خیال رکھکر یہ نقش پر کیا جائے ورنہ فائدہ نہ ہوگا اور اس امر کا جواب وہ لکھنے والا ہوگا۔ مجرب ہے۔

نمبر ۲:- جو لڑکا یا بچہ خواب میں چونکتا ہو۔ ڈر ڈر کر روتا ہو تو چاہیئے کہ نقش ہذا کو لکھکر بعد بنانے تعویذ ایسے رونے والے لڑکے یا بچے کے گلے میں ڈال دے۔

۷۸۶

۱۸	۲۱	۲۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۷	۲۲
۱۳	۲۶	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۴	۲۵

نمبر ۳:- جو لڑکا ماں کا دودھ بعد معیاد مقررہ شرعی نہ چھوڑ رہا ہو۔ اور دودھ چھڑاتے وقت روتا ہو تو ایسے بچوں کے لئے یہ تعویذ مفید ہوگا لکھکر گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

۸۹م	۹۲م	۹۵م	۸۱م
۹۴م	۸۲م	۸۸م	۹۳م
۸۳م	۹۷م	۹۰م	۸۷م
۹۱م	۸۶م	۸۴م	۹۶م

نمبر ۴:- جو لڑکا بہت روتا ہو اور چپ ہونا جانتا ہی نہ ہو اور اگر چپ بھی ہوتا ہو تو بڑی مشکل سے ہوتا ہو تو ایسے لڑکے کے بازو پر اس نقش کو لکھکر باندھے اور خانہ فلاں میں نام لڑکے اور اس کی ماں کا لکھے۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۸	۱۹	۲۲	۱
۲۱	۸	۷	۲۰
۳	فلاں	۱۷	۶
۱۸	۵	۴	۲۳

تذکرہ حمل

جس عورت کے حمل نہ رہتا ہو وہ سات دن تک نہار منھ روٹی کے ٹکڑے پر یہ آیت لکھکر کھلائے لیکن وہ ایام ماہواری سے نہ ہو یا زمانہ ایام ماہواری قریب نہ ہو۔ کہ زمانہ نجاست میں جائز نہیں ہے اور ایک ناقابل معافی گناہ ہوگا اور وہ مبارک آیت یہ ہے۔ انشاءاللہ حمل قرار پا جائے گا۔ هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

نمبر ۲:۔ جس عورت کو اسقاط حمل (قبل از وقت حمل کا گر جانا) کی شکایت ہو اسے چاہیئے کہ جس وقت سے اسے حمل کا احساس ہو بچہ پیدا ہونے تک روزانہ بلا ناغہ چینی کی طشتری پر مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اس آیت کو زعفران و گلاب کے عرق سے لکھکر حاملہ کو پلائے انشاءاللہ اسقاط نہ ہوگا اور وہ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ط۔

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ ۖ بَعْضُكُم مِّن بَعْضٍ ۖ

نمبر ۳:۔ واسطے قائم رہنے حمل کے چاہیئے کہ ان اسماء کو کچے دھاگے پر پڑھ کر گرہ دے اور تازہ پانی پر دم کر کے عورت کو پلا دے اور اس گنڈے کو کمر میں باندھے انشاءاللہ حمل رہے گا اسماء بزرگ ہیں۔ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا اَللہُ

نمبر ۴:۔ اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ اس کے بچے خوبصورت پیدا ہوں تو اس کو چاہیئے کہ حمل کے قرار پا لینے کے بعد سے نو مہینے تک برابر سفید بے داغ چینی کی طشتری پر زعفران اور عرق گلاب کے محلول سے سورۃ المجید و سورۃ والتین لکھکر زنِ حاملہ کو روزانہ بلاناغہ پلاتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد خوبصورت اور توانا و تندرست متقی و پرہیزگار پیدا ہوگی۔

نمبر ۵:۔ اگر بروقت ولادت زن حاملہ کو بچہ جننے میں زیادہ تکلیف کا سامنا ہو تو دعائے مندرجہ ذیل لکھکر حاملہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ولادت کی سخت گھڑیاں آسان ہو جائیں گی اور وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰهَا اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰهَا كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا۔

نمبر ۶:۔ اگر کسی شخص کو اولاد نرینہ کی خواہش ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس آیۂ مبارکہ کو اکتالیس روز تک پان پر لکھکر بغیر تمباکو اور ڈلی کے زنِ حاملہ کو بعد ظاہر ہونے حمل کھلاتا رہے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا اور وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ۔

متفرقات

براے زخم۔ کوئی پھنسی یا ناسور ہو اور وہ علاج کرنے کے باوجود اچھا نہ ہو رہا ہو تو جو مرہم اس وقت باوجود اس وقت استعمال ہو رہی ہو اس پر ایک ہزار ۵۰۰ یکصد بار معہ بسم اللہ الرحمن الرحیم و درود شریف کے ساتھ اس دعا کو پڑھ کر دم کرکے پھر اس دوا یا مرہم کو لگائے انشاءاللہ بہت جلد شفا ہوگی اور وہ دعا یہ ہے مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا۔

نمبر ۲:۔ براے واپسی گم گشتہ اگر کسی کا کوئی یا غلام و لونڈی کہیں بھاگ جائے اور اس کا کوئی پتہ نہ چل رہا ہو تو اس آیت کریمہ کا ختم پڑھنے سے وہ غائب شدہ شخص انشاءاللہ واپس آجاوے گا یا اس کا پتہ مل جائے گا اور وہ آیہ مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

نمبر ۳:۔ اگر وبائی امراض، طاعون، ہیضہ، چیچک یا اور کوئی مرض جس نے وبائی صورت اختیار کرلی ہو اس سے محفوظ رہنے کیلئے چاہیئے کہ اس آیت کریمہ کو پاک بالکل کورے کاغذ پر دو جگہ لکھے ایک بیرونی دروازہ پر باہر کی جانب اور ایک مکان کی اندرونی دیوار پر لکھ کر لگا دے انشاءاللہ گھر کے افراد وبائی امراض

سے محفوظ رہیں گے اور وہ آیہ مبارکہ یہ ہے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
وَلِلّٰہِ الۡمَشۡرِقُ وَالۡمَغۡرِبُ ٭ فَاَیۡنَمَا تُوَلُّوۡا فَثَمَّ وَجۡہُ اللّٰہِ ؕ
اِنَّ اللّٰہَ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ۝

نمبر ۴۴ :- اگر کسی عورت کے بعد ولادت دودھ کم ہوتا ہو تو چاہیئے کہ نئی مٹی کی طشتری پر حسب ذیل آیہ کو لکھکر سات روز تک عورت مذکورہ کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ یہ دعا فراوانی شیر کی باعث ہوگی۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ وَالۡوَالِدٰتُ یُرۡضِعۡنَ اَوۡلَادَهُنَّ حَوۡلَیۡنِ کَامِلَیۡنِ اَرَادَ اَنۡ یُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَمَا مِنۡ دَآبَّةٍ فِی الۡاَرۡضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزۡقُهَا وَعَلَی اللّٰہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُتَوَکِّلُوۡنَ ۝

نمبر ۴۵ :- اگر کوئی جوان یا بچہ یا طالبعلم وغیرہ کند ذہن ہو تو اگر بچہ ہے تو آیۂ مندرجہ ذیل کو سات روز تک لکھکر روزانہ پانی میں گھول کر پلایا جائے اور اگر صاحب سمجھ لکھا پڑھا ہے تو بعد نماز عشاء کے تین سو بار روز پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ یہ شکایت جاتی رہے گی اور وہ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ وَعَلَّمَکَ مَا لَمۡ تَکُنۡ تَعۡلَمُ وَکَانَ فَضۡلُ اللّٰہِ عَلَیۡکَ عَظِیۡمًا۔ عروج ماہ کے پہلے پنجشنبہ یعنی لوچندی جمعرات سے یہ عمل سات روز تک کیلئے شروع کرے۔

نمبر ۶۵۔ جب چیچک کا عارضہ شروع ہو تو اس وقت اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے ایک نقش ایک بچے کیلئے ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

الحمد للہ رب العلمین	الرحمن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک
نعبد	وایاک	نستعین	اہدنا الصراط	المستقیم
صراط الذین	انعمت علیہم	غیر	المغضوب	علیہم
ولاالضالین	انت	الشافی	لاشفاء	الاشفاؤک
اشف	انت	الشافی	لایغادر	سقما

نمبر ۶۶۔ جب فصلی بخار کی آمد ہو اور یہ مرض جب وبائی صورت اختیار کرلے تو اس وقت چاہیئے کہ حسب ذیل نقش جتنے افراد گھر میں ہوں اتنی تعداد میں تیار کرے اور تعویذ بنا کر جتنے افراد ہوں ان کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ سب لوگ اس بیماری

سے محفوظ رہیں گے نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۳۱	۱۳۷	۲۹۲	۲۸۹
سلام	قولا	من رب	رحیم
۲۹۳	۲۸۸	۱۳۲	۱۳۶
۲۸۷	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۴	۲۸۶	۲۹۱

نمبر ۸:۔ مرض طاعون سے محفوظ رہنے کے لئے چاہیے کہ جب یہ مرض وبائی صورت میں نمودار ہو تو ایک پاک برتن میں پانی لے کر اس پر سات مرتبہ سورۂ تغابن پڑھ کر دم کرے اور گھر کے جملہ افراد کو تھوڑا تھوڑا یہی دم شدہ پانی پلادے اور یہ طریقہ اس وقت تک قائم رکھے جب تک یہ وبا اچھی طرح سے دفع نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ دم شدہ پانی پینے والے اس وبائی مرض سے محفوظ رہیں گے۔

نمبر ۹:۔ جس کسی کو سانپ نے کاٹ لیا ہو تو اس کے ورثا کو چاہیے کہ کاٹے جانے کے مقام سے اوپر کی طرف تین بند کس کر باندھے تاکہ خون اوپر چڑھنے نہ پاوے اور مقام جہاں کاٹا ہے ایک تیز دھار آلے سے اس جگہ کو چیر کر فاسد خون نکال د

اس کے بعد اس نقش کو لکھکر گڑ میں گولی بنا کر کھلاوے اور
سگ گزیدہ کو سونے نہ دے اور وہ نقش یہ ہے ۔

۶۸۶

و	ح	ہو	و
ھ	ب	و	مسک
اوع	اب	حمقش	لو
سحث	ع م	سن	مرک

نمبر۱۰ :- برائے دفع ہونے ضرر سگ کے سات
بار اس آیہ کو پڑھے اور جہاں کتے نے کاٹا ہو اس زخم پر
پھتکار دے اور کلی کر دے اور وہ آیہ ہے کَلْبُهُمْ
بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ ۝

نمبر۱۱ :- جس کسی کو دیوانے کتے نے کاٹ لیا ہو
اس کو ہر روز چالیس روز تک ایک روٹی کے ٹکڑے پر
اس آیہ کو لکھکر کھلاوے ۔ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ وَّمَا هُوَ
بِالْهَزْلِ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ
الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا

نمبر۱۲ :- کیلے کا عرق لے کر اس پر اکتالیس بار۴۱
سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرے اور پانچ تولہ سگ گزیدہ کو پلاوے

نمبر ۱۳ اہ۔ جب کوئی شخص سفر کا ارادہ کرے تو اس نقش کو لکھکر اپنے گلے میں ڈالے یا اپنے جانور کے گلے میں جس پر سفر کر رہا ہو ڈالے۔ راہ میں تیز قدم ہو جاوے۔

۷۸۶

۱۴	۱۱	۸	۱
۷	۲	۱۳	۱۲
۹	۱۶	۳	۶
۴	۵	۱۰	۱۵

نمبر ۱۴ اہ۔ جب کسی شخص کے گھوڑے کا پیشاب بند ہو جائے اور کسی طرح خارج نہ ہوتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ اس نقش کو لکھکر گھوڑے کو کھلا وے بفضل تعالےٰ آرام ہو جائے گا۔

۷۸۶

ه	ج	ب	بر
ج	ن	ما	و
۲۰	د	د	ما
۱۰	بر	۲	ک

تمام شد

طلسم سلیمانی

کتاب تاثیر سلیمانی کے اختتام پر یہ بات یکایک ذہن میں پیدا ہوئی کہ کتاب کے باقی اوراق میں چند نسخہ جات ایسے سپرد قلم کئے جائیں جو اپنی نوعیت کے لحاظ سے گراں قدر لیکن بے ضرر اور آزمودہ بھی ہوں لہذا اس نوعیت کے پیش نظر سب سے پہلے کچھ نسخے ایسے تحریر کئے جا رہے ہیں جو بے ضرر اور مولف کے آزمودہ ہیں لہذا ایسے نسخوں پر نشان ستارہ ☆ لگا ہوا ہے بقیہ نسخے سادے ہوں گے چونکہ یہ نسخہ جات تیر بہدف کام کرتے ہیں لہذا اسی مناسبت سے اس حصہ کتاب کا نام طلسم سلیمانی رکھا گیا ہے۔

☆ نسخہ درازی گیسو۔ سینگ بھینس سیاہ ایک عدد
برادہ صندل سرخ ۔ برادہ صندل سفید ۔ بال چھڑ
آدھی چھٹانک   آدھی چھٹانک   ایک تولہ

روغن تل دو حقلی تلی کا ۵ سیر۔ ترکیب:۔ پہلے بھینس کی سینگ کے چھوٹے ٹکڑے کر ڈالے تاکہ اس کے جلانے میں آسانی

ہو۔ اب بڑے برتن کو چولھے پر نرم آنچ میں چڑھا دیوے
اور اس تیل کو ڈال کر گرم ہونے دے جب جھاگ ختم ہو کر
تیل کھولنے لگے تو اس میں کٹے ہوئے بھینس کے سینگ کے
ٹکڑے ڈال کر آہستہ آہستہ اتنی دیر تک چلاتا رہے کہ وہ ٹکڑے
اسی میں جل کر خاکستر ہو جائیں اس کے بعد چولھے سے آنچ کو
کھینچ لے البتہ چند انگارے باقی رہیں پھر بقیہ اشیاء کو ملا کر
تھوڑی دیر چلانے کے بعد ان کو چھوڑ دے تمام دن و شب پڑا رہنے
دے دوسرے دن آہستہ سے اس تیل کو چھان لے خیال رہے
کہ ذرات نہ آنے پائیں پھر اس چھنے ہوئے تیل کو علیحدہ بوتل میں
رکھ لے اور شب میں بقدر ضرورت کہ بالوں کی جڑیں اس روغن
سے بھیگ جائے سر میں ڈال کر آہستہ آہستہ مالش کرے
دوسرے روز بیسن اور کسی اچھے صابن سے بیری کی پتی کے پانی
کے ذریعے سر کو صاف کر کے بالوں کو خشک ہونے کے لئے چھوڑ
دے۔ شب میں پھر اسی مقدار میں تیل ڈال کر مالش کرے اور
پھر اسی صورت سے سر کو دھو ڈالے۔ چند روز کے اسی طرح
سے استعمال کرنے سے سر کے بال بڑھنا شروع ہو جائیں گے
لیکن یہ خیال رہے کہ جب تک تیل کو استعمال کرے تیل لگانے
یا سر دھونے کے بعد نہ تو دوسرا تیل استعمال کرے اور نہ
آڑی ترچھی مانگیں نکالے اور نہ بالوں کو باندھے کہ جڑیں کمزور

ہو کر بال ٹوٹنا شروع ہو جائیں گے۔

⭐ قوت باہ :- ایام گرما اور موسم بہار کا برائے قوت باہ بہترین ناشتہ :- چاول باریک جہاں تک پورانا ممکن ہو سکے نصف چھٹانک لے کر علی الصباح لے کر ایک چھوٹی پتیلی میں حسب مقدار پانی ڈال کر چولہے پر چڑھا دیں جب پہلا ابال آجائے اس پانی کو پھینک دیں۔ دوسرا تازہ پانی ڈالیں جب اس میں بھی پہلا ابال آجائے اس کو بھی پھینک دیں تیسرے پانی میں اس چاول کو خوب پکائیں جب پانی گاڑھا ہو جائے اتار کر نئے مٹی کے کسی ظرف میں چھان لے اور حسب ذائقہ مصری یا شکر ڈال کر ٹھنڈا ہونے کیلئے چھوڑ دے۔ سرد ہونے پر جم جائے گا چمچہ سے تراش کر کھائے بہترین مقوی ناشتہ ہے۔

⭐ درد سر :- جب سر میں درد ہو تو یہ ضماد لگا دے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ سونٹھ۔ صندل اور ارنڈ کی جڑ کا چھلکا کوٹ چھان کر ساٹھی کے چاول کے ساتھ باریک پیس کر ضماد کریں۔ انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

⭐ صرع :- جو کوئی بعارضہ مرگی مبتلا ہو چلہے یہ مرض نیا ہو یا پورانا تو چاہیئے کہ تخم کو پیچ کھلے کر روغن گاؤ میں جوش دے کر مصروع کی ناک میں ڈالیں۔ بحکم رب العزت اس مرض سے شفا ہو گی۔

سرمہ مقوی البصر :۔ زعفران خالص ۔ کافور اور مصری تینوں ادویہ ہموزن لے کر حل کریں اور آنکھوں میں لگائیں بینائی کو قوت بخشے گا۔

آشوب چشم :۔ پھٹکری بریاں کا دھوراد یں شکایت جاتی رہے گی۔

* ایضاً : عرق گلاب بقدر ضرورت میں قدرے زعفران اور خفیف پھٹکری ڈال کر اس محلول کے چند قطرے آنکھوں میں ڈالیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ مولف کا اس پر بذات خود تجربہ ہے

درد گوش :۔ مرغ کے تازے انڈے کی سفیدی کان کے درد کو زائل کرتی ہے۔

* ایضاً ۔ گیندے کی پتی کا عرق کان میں ٹپکائیں کان کے درد کیلئے نافع ہے۔

درد دنداں :۔ بنولہ دانت کے نیچے دبا کر سو رہیں۔ انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

ایضاً :۔ ہلدی باریک پیس چھان کر دانتوں کے نیچے رکھیں درد خدا چاہے تو جاتا رہے گا۔

خارش :۔ پنواڑ کے بیج ایک سیر گندھک ایک دام ایک سیر گائے کے خالص دودھ میں آدھ پاؤ گھی ملا کر جوش دیں۔ جب دودھ جل کر روغن رہ جائے صاف کر کے ملیں

☆ **ایضاً**۔ جاننا چاہیئے کہ خارش دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک خشک، دوسری تر۔ خشک کی صورت یہ ہوتی ہے کہ جہاں یہ ہوتی ہے وہاں باریک باریک دانے نکل آتے ہیں اور ان میں بے پناہ کھجلی ہوتی ہے اور کھجاتے وقت وہاں کا زہریلا پانی دوسرے اچھے جسم کو متاثر کر کے اپنے ایسا بنا لیتا ہے اور اس طرح یہ مرض بڑھتا چلا جاتا اور مریض کو کسی صورت سے چین نہیں لینے دیتا تو جب ایسی خارش کا کوئی مریض ہو تو چاہیئے کہ روغن گاؤ خالص کو لیکر ۱۲۱ بار پانی سے دھو ڈالے اور اسمیں گندھک (نینوواں) لے کر پیس کر ملا لے اور متاثرہ جگہ پر مالش کرے بعد دو گھنٹے کے نیب کی پتی کسے جوش دیئے ہو پانی اور اصل کاربالک صابن سے نہا کر جسم کو آہستہ سے خشک کرے اور روغن ناریل۔ کافور۔ سفوف برگ حنا کو ملا کر اس تیل کی مالش کرے چند روز کے بعد آرام ہو جائے گا۔ مولف کا اپنی ذات پر آزمایا ہوا ہے وزن ایک پاؤ گھی۔ نصف چھٹانک گندھک۔

دوسرا نسخہ جو تر خارش کے لئے ہے یہ عطا کردہ میرے دوست حکیم جناب وحید الدین صاحب مرحوم و مغفور کا ہے جس کو انہوں نے میرے تنگی میں اس وقت تجویز فرمایا جب میں اس موذی مرض کے قسم دوم یعنی تر خارش میں بری طرح مبتلا تھا بڑے بڑے آبلے جنہیں سے مواد آنے لگا تھا زیادہ تعداد

میں نمودار ہو کر باعث تکلیف ہوئے تھے کہ مرحوم کے اس نسخے
سے وہ مکمل طور پر شفایاب ہوا۔
نسخہ:۔ ہڑر دبڑا (اور اچھے دالوں والا) ایک چھٹانک
بھیڑا ایک چھٹانک کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے آدھ سیر
پانی میں بھگو دے دوسرے روز صبح اس قدر جوش دے کہ نصف
سے کم پانی رہ جائے مریض کے قوی کو دیکھتے ہوئے جسقدر دست
لانا منظور ہو اتنی ہی مرتبہ اس جوش شدہ پانی کو چھان لے پھر ایک
سانس میں مریض کو پلا دے پیہم کئی کلی کر کے پان کھا کر تھوکے
کے بعد پھر مریض سانس لے ورنہ قے ہو جانے کا اندیشہ ہے۔
نہار منہ یہ پانی پلایا جائے گا دن بھر کھانا بند۔ شام کو مونگ کی
اچھی طرح سے گھلی پکی ہوئی کھچڑی کھانے کو دی جائے۔ ایک دن
ناغہ دے کر پھر یہی علاج اسی طرح کیا جائے اور پھر ایک دن کا
ناغہ دیکر یہی جلاب پھر لے۔ جب تین جلاب ہو جائیں تو تیسرے جلاب کے
دوسرے دن مٹی کے برتن میں تھوڑا مٹی کا تیل لیکر اس کو چند دہکتے ہوئے
انگاروں پر رکھکر اسمیں دو ٹکیہ کافور کی ڈال دے جب قدرے دھواں
نکلنے لگے تو ایک ہاتھ سے آہستہ آہستہ یہی تیل مریض کے جسم و زخم پر
لگاتا جائے اور دوسرے ہاتھ سے ایک صاف کپڑے سے صاف کرتا جائے
جسم سے بھوسی نکلے گی یہ بھوسی نہیں بلکہ مرے ہوئے کیڑے ہوں گے انشاء اللہ
مریض شفا پا جائے گا۔ ختم شد

تسخیر القلوب کامل

یہ اسم بامسمیٰ کتاب جس نے انسان تو انسان حیوان تک کو مسخر کرنے کے گرانقدر نسخوں سے آپ کو اپنے انمول صفحات کے ذریعہ سے اچھی طرح باخبر رکھا ہے اپنے انہیں اوصاف کی بدولت اپنے قدر دانوں کے پاس ہاتھوں ہاتھ پہنچ رہی ہے۔ اگر آپ بروزگار ہیں۔ یا جائز طریقہ پر حصول دولت کی تمنا ہے یا اپنے کاروبار میں ترقی کے جویا ہیں یا کسی سے لو لگی ہے اور اس کو اپنا بنانا چاہتے ہیں یا دشمن کو زیر کرنے کی خواہش ہے تو آپ ضرور اس کتاب کو حاصل کرکے اسے اپنا رہبر بنائیں اور کامیابی حاصل کریں۔ ہدیہ صرف علاوہ محصول ڈاک۔

تسخیر ہمزاد

تعریف کی ضرورت نہیں۔ نام خود بتا رہا ہے۔ کتاب منگائیے۔ بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کرتے ہوئے ہمزاد سے ملاقات کیجئے۔ ہمزاد کیا ہے اس سے کون کون سے کام کب اور کن صورتوں میں لئے جا سکتے ہیں۔ آیا ہمزاد کوئی خطرناک شے ہے وغیرہ وغیرہ ان سب باتوں کا مفصل جواب آپ کو یہی کتاب دے گی ہدیہ علاوہ اخراجات

پتہ: امین برادرس ناشران و تاجران کتب۔ پوسٹ بکس ۱۲۵
آرام باغ روڈ۔ کراچی ۱

عملیات محبت

یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ اس کتاب کی غرض و غایت کیا ہے اس لئے کہ نام سے اس کے اوصاف خود ظاہر ہو رہے ہیں صرف اتنا لکھنا کافی ہوگا کہ ناکام الفت کا بہتر علاج اس کتاب میں ہے صرف تھوڑی سی محنت کی ضرورت ہوگی اور محبوب آپ کے قدموں پر ہوگا

ہدیہ صرف　　علاوہ محصول ڈاک بیتہ ذیل سے منگا لیجئے

عملیات ربانی

یہ کوئی اشتہار نہیں ہے اس لئے آپ چونکئے نہیں۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ کلام ربانی ہی ہر مرض کا علاج کا واحد علاج ہے لہذا اگر آپ واقعی دکھی ہیں تو اپنا علاج اس کتاب کے ذریعہ سے خود کیجئے۔ اگر آپ صاحب اعتقاد ہیں تو دعاء ضرور اثر لائے گی اور پھر آپ یقینی کامیاب ہوں گے ہدیہ

علاوہ محصول ڈاک

کتاب بیتہ ذیل سے منگا لیجئے۔

بیتہ ہے :- امین برادرس ناشران کتب - تاجران پوسٹ بکس ۱۲۷۵

آرام باغ روڈ - کراچی ۱

رضی جونپوری کی نادر و نایاب تالیف جو عملیات کی دنیا میں ایک ممتاز مقام کی مالک بن کر ضرورت مند حضرات کو عزت کے ساتھ فیض پہونچاتے ہوئے ان کے تسکین قلب کا باعث بن رہی ہے اس نادر و نایاب کتاب میں زیادہ تر ان کے خاندانی وظیفہ و وظائف تحریر ہیں جن کو مرتب کے بزرگوں نے ہزاروں بار ورد کر کے ان سے فیض حاصل کیا ہے۔ بہت کم لوگ ایسے ہوں گے جو مخدوم جناب کے نام نامی سے واقف نہ ہوں یہ بزرگ ایک جید عالم و عامل تھے ان کا اصل نام نامی سید شاہ محمد عیسیٰ تاج نیشاپوری تھا۔ رضی جونپوری اسی خاندان کے چشم و چراغ ہیں غرضکہ یہ کتاب ایک انمول گلدستہ ہے جسمیں ہر مرض کا علاج نہایت آسان طریقہ پر تحریر کیا گیا ہے۔ خطرات سے محفوظ رہنے کیلئے ایسی... زود اثر دعائیں تحریر ہیں جنکا اس صورت سے دوسری کتابوں میں ملنا ہونا ممکن نہیں تو محال ضرور ہے۔ ہدیہ صرف روپے علاوہ محصول ڈاک وغیرہ۔ پتہ ذیل سے طلب فرمائیے۔

ایمن برادرس ناشران کتب و تاجران۔ پوسٹ بکس ۴۵۵ آرام باغ روڈ کراچی نمبر ۱

امین برادرس ناشران کتب و تاجران کتب۔ پوسٹ بکس نمبر ۱۲۵ آرام باغ روڈ کراچی نمبر ۱

کتاب مندرجہ صفحہ ہذا کسی تعارف کی محتاج نہیں اس لئے کہ اس سے پہلے کی دو کتابیں "اکسیر العملیات و تسخیر العملیات" نے اپنی مقبولیت کی بناء پر خود بخود اس کتاب کے لئے راہیں ہموار کر دی ہیں جو انہیں دونوں کتابوں کی ایک تیسری مضبوط کڑی ہے اس پوری کتاب میں مرتب نے وظیفہ خوانی کے ذریعہ سے تمام مشکلات پر قابو پانے کے طریقے بتلائے ہیں جو اب تک یکجائی طور پر اس طرح کسی کتاب میں نہیں دیکھے گئے آپ بھی اس کتاب کو پتہ بالا سے حاصل کر کے مستفید ہوں۔

ہدیہ

عجائب العملیات

علاوہ اخراجات

تسخیر العملیات

عملیات و نقوش کا ایک بیش بہا خزانہ

مرتبہ

سید رضی حسین جونپوری

جس نے

دنیائے عملیات میں ایک مستند مقام حاصل کر کے
اپنی افادیت کا ببانگ دہل اعلان کر دیا ہے اور یہ مرتب
کی کاوشوں کا نتیجہ ہے جس نے اعلیٰ و آزمودہ نقوش وغیرہ
بہدف عملیات سے اس کتاب کو مرتب کر کے ایک گلدستہ
بنا دیا ہے اور جو بہترین رفیق بھی ہے ہدیہ ۔ روپے علاوہ اخراجات

پتہ: امین برادرس ناشران کتب تاجران پوسٹ بکس ۱۲۵ آرام باغ روڈ
کراچی ۱

اکسیر العملیات

دعا و تعویذ کی نادر کتاب

یہ اسم با مسمیٰ کتاب کسی تعارف کی محتاج نہیں سب بخوبی آگاہ ہو چکے ہیں کہ یہ نادر و نایاب نسخہ جو رضی جونپوری کی پیہم جد و جہد اور انتھک محنتوں کا ایک گراں قدر نسخہ ہے ہر کس و ناکس کے دکھ درد میں کام آرہا ہے۔ جو بہترین آزمودہ و خاندانی تیر بہدف نقوش سے مزین اور سہل طریقِ خواندگیٔ عمل سے مرتب۔ ستاروں کی چال اور قمر در عقرب کے قیام سے آشنا، قیامِ سیارگان سے باخبر، باشعور مرتبیٔ نقش سے آگاہ، سعد و نحس کی تمیز، ہر مرض کی تشخیص اور اس کے علاج پر حاوی۔ ایک کامیاب حکیم۔ ایک بہترین عامل ایک باشعور صلاح کار اور ایک بہترین دوست کی حیثیت سے آپ کیلئے حاضر ہے اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا ایک فالِ نیک ہے

ہدیہ صرف RS علاوہ اخراجات ڈاک۔

پتہ:۔ امین برادرس ناشران و تاجران کتب۔ پوسٹ بکس ۱۴۵ آرام باغ روڈ۔ کراچی ۱

طلب کیجئے کس کتاب کی آپ کو ضرورت ہے

۱	جواہر خمسہ اصلی	۱۵-۰
۲	کنز الحسین (اردو ترجمہ)	۸-۰
۳	رموز جفر	۸-۰
۴	مفتاح الجفر مجلد	۱۰-۰
۵	مفتاح النجوم	۳-۰
۶	تسخیر کواکب	۵-۰
۷	حرز سلیمانی	۸-۰
۸	اکسیر العملیات	۱۰-۰
۹	تسخیر العملیات	۶-۰
۱۰	اعجاز العملیات	۶-۰
۱۱	اسرار العملیات	۶-۰
۱۲	طب روحانی	۴-۰
۱۳	وظائف اولیاء	۳-۰
۱۴	عملیات اولیاء	۳-۰
۱۵	آئینہ انگشتری	۷-۰
۱۶	نقش سلیمانی مجلد	۹-۰
۱۷	عجائبات الو	۳-۰
۱۸	تسخیر جنات	۲-۵۰
۱۹	تسخیر ہمزاد	۲-۰
۲۰	تسخیر دل	۲-۰
۲۱	تسخیر القلوب	۲-۰
۲۲	اصطلاح العملیات	۲-۵۰
۲۳	اسم اعظم	۱-۵۰
۲۴	تاثیر سلیمانی	۱-۵۰
۲۵	عملیات ربانی	۲-۵۰
۲۶	نقش روحانی	۱-۵۰
۲۷	مہر سلیمانی	۱-۵۰
۲۸	گوہر سلیمانی	۱-۷۵
۲۹	نقوش محبت	۲-۰
۳۰	طلسمات عجائب	۳-۰
۳۱	اعجاز محمدی	۳-۰
۳۲	صوفیائے کرام کے وظائف	۳-۰
۳۳	گنجینۂ الفت	۲-۰
۳۴	اعمال قرآنی	۳-۰
۳۵	نقش سلیمانی اول	۲-۰
۳۶	مجربات سلیمانی دوم	۲-۵۰
۳۷	تعویذ سلیمانی سوم	۲-۵۰
۳۸	بیاض سلیمانی چہارم	۲-۰
۳۹	جدید مسمریزم	۲-۰
۴۰	اندر جال	۲-۰
۴۱	پامسٹری علم قیافہ	۲-۰
۴۲	تردید سحر	۱-۵۰
۴۳	الحاجات	۱-۵۰
۴۴	عملیات محبت	۲-۰
۴۵	خزانہ آیات نور	۲-۰
۴۶	تنفیر سفلی	۲-۵۰
۴۷	نقش الحروف	۲-۰
۴۸	خواب نامہ یوسفی	۲-۰
۴۹	فالنامہ قرآنی	۲-۰
۵۰	فالنامہ سلیمانی کلاں	۸-۰
۵۱	مصر کا جادو کلاں	۵-۰
۵۲	تحفۃ العمل	۲-۰
۵۳	قرار قلب	۳-۰
۵۴	رد مصیبت	۲-۰
۵۵	قانون محبت المعروف کالا جادو	۴-۰
۵۶	معلم الرمل	۵-۰
۵۷	گھر کا مداری	۰-۶۰
۵۸	مصر کا جادو	۰-۶۰
۵۹	ہمالہ کا جادو	۰-۶۰
۶۰	چین بنگال کا جادو	۰-۶۰
۶۱	بنگال کا جادو	۰-۶۰
۶۲	جادو کے کھل	۰-۶۰
۶۳	نقش معظم	۱-۵۰
۶۴	گنجینۂ عملیات وظائف قادری	۷-۰

امین برادرس ناشران و تاجران کتب پوسٹ بکس ۱۴۵ آرام باغ روڈ کراچی